جولائی 2001ء
قیمت ۲۰ روپے

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

روحانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین ...... ایک پاکیزہ ماہنامہ

## سحر بار نوخ



اصول و قواعد عملیات

پاکستان کے حالات

خوش قسمت اوقات

انعامی بانڈ نمبر

برج سرطان

شرف مشتری

اوج شمس

اوج زہرہ

جنتر منتر

نقش انوار

مفت سوال

نظرات کواکب

قصص القرآن

مجموعہ اعجاز عیسوی

راٹھور پبلشرز 2/11، محمد نگر نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور

freecopy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# شرف مشتری

کی تیاری کر لیں

free copy

یکم اکتوبر صبح 9 بجے خوش حالی اور خوش بختی کا کوکب مشتری درجہ شرف پر پہنچے گا۔ مشتری کو یہ سعد اور طاقتور حالت بارہ سال کے طویل عرصے کے بعد ملتی ہے۔

یہ لوح حصول دولت' مالی معاملات میں استحکام' خوش حالی' روپے کی فراوانی' کاروبار و تجارت میں برکت و اضافے' اولاد نرینہ' جائیداد کے حصول' آرام دہ زندگی' عمومی خوش حالی' روپے کا حصول بذریعہ بانڈ' ریس اور لاٹری' مالی مشکلات سے نجات' خاتمہ غربت وغیرہ کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

khalidrathore.com

لوح بنوانے کے خواہش مند بذریعہ جوابی خط یا ذاتی طور پر رابطہ کریں۔

خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر 2' گلی نمبر 11' نزد جامعہ نعیمیہ' محمد نگر' گڑھی شاہو لاہور۔

ماہ جولائی شمارہ 6 جلد 4

قیمت 20 روپے

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

رابطہ خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

وقت ملاقات صرف دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک فون 6374864

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

سب ایڈیٹر
ارشد اسحاق راٹھور

قیمت 20 روپے
زرسالانہ 230 روپے
رجسٹر ڈاک 490 روپے
بیرون ملک 35 ڈالر (سالانہ)

For bank draft
M/s Rahnam-i-Amailat
A/c 1392-35
Habib Bank Limited
Allama Iqbal Road,
Lahore, Pakistan

www.Kirathor.20m.com
kirathor@yahoo.com

ناشر شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر الامین ٹریڈرز لاہور

## اس شمارے میں

| | | | |
|---|---|---|---|
| عمل شرف مشتری | ۲ | ازواج مطہرات | ۳۵ |
| پاکستان کے فلکیاتی حالات | ۳ | برج سرطان | ۳۸ |
| اصول و قواعد عملیات | ۴ | خوش قسمت اوقات | ۴۲ |
| عملیات نادرہ | ۶ | نقش انوار | ۴۵ |
| اعمال اوج شمس و زہرہ | ۸ | انکشافات رمل | ۴۷ |
| اسم یا سطیع کا عمل | ۱۰ | حقیقت قصص القرآن | ۵۰ |
| خاتمہ سحر و جادو | ۱۱ | لوح تسخیر کائنات اکبر | ۵۲ |
| ماہانہ حالات | ۱۷ | لوح استخارہ | ۵۳ |
| حفاظت زبان | ۲۵ | کواکبی تقویم ماہ جولائی | ۵۳ |
| ایک سوال مفت | ۳۰ | جنتر منتر | ۵۴ |
| طلسم ناصح | ۳۱ | نظرات کواکب ماہ جولائی | ۵۵ |
| مجموعہ اعجاز عیسوی | ۳۲ | | |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# عمل شرف مشتری

از: خالد اسحاق راٹھور۔

اس مضمون کی قسط اول آپ راہنمائی عملیات ماہ جون کے پرچے میں پڑھ چکے ہیں۔ ذیل میں باقی مضمون تحریر کیا گیا ہے۔

**ایک ذاتی عمل شرف مشتری کا**

پچھلے ماہ کے پرچے میں شرف مشتری کے مقاصد کے حوالے سے خاص اسماء الحسنیٰ کے اعداد "۱۸۲۶" نقش کے لیے استخراج کیے تھے۔ اب جیسا کہ پچھلے مضمون میں ذکر کر چکا ہوں کہ الواح/نقوش دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اول 'خصوصی دوم' عمومی۔ سو وہ جو خصوصی عمل کے طالب ہوں تو حاصل شدہ اعداد (اسماء الحسنیٰ) میں اپنے اور والدہ کے نام کے اعداد شامل کریں۔ ذیل میں استخراج کردہ عمل ہر فرد کے لیے کام دے گا۔ میں یہاں مکمل مثال تحریر کر رہا ہوں۔ تاکہ خصوصی لوح بنانے کے خواہش مند بھی عمل کو سمجھ سکیں۔

**عمل**

کرنا اب یہ ہے کہ کل اعداد میں سے تیس عدد قانون کے تفریق کر دیں۔ جو باقی بچے اس کو چار سے تقسیم کر دیں۔ جو خارج قسمت حاصل ہو اس کو پہلے خانے میں رکھ کر درج ذیل چال سے نقش مربع مکمل کر لیں۔ خیال رہے اگر چار سے تقسیم کرنے کے بعد باقی قسمت کچھ بچ جائے تو اس کو بھرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بچے تو خانہ تیرہ میں دو بچے تو خانہ نو میں اور اگر تین بچے تو خانہ پانچ میں ایک عدد کا اضافہ کر دیں۔

چال نقش بادی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

ہمارے پاس کل اعداد "۱۸۲۶" حاصل ہوئے تھے۔ پس ان اعداد کے مطابق نقش یہ تیار ہوا۔ (کیونکہ عمل تحریر کر چکا ہوں سو دوبارہ تفصیل وقت اور جگہ کا ضیاع ہے)۔ اب اس نقش کے اضلاع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے تحریر کریں۔ ہر چہار اطراف استخراج کردہ چھ کے چھ نام تحریر کر دیں۔ کل اعداد موکل استخراج کر کے تحریر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۸ | ۲ | ۶ |
| غ | ض | ک | و |

سو موکل ہوا۔ وکفضعیل۔

مکمل نقش

وکفعیل کھیعص حمعسق وکفعیل

یااللہ

یااللہ یارزاق یانافع یاواسع یاوہاب یاغنی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۵۹ | ۴۵۶ | ۴۴۹ | ۴۶۲ |
| ۴۵۰ | ۴۶۱ | ۴۶۰ | ۴۵۵ |
| ۴۶۴ | ۴۵۱ | ۴۵۴ | ۴۵۷ |
| ۴۵۳ | ۴۵۸ | ۴۶۳ | ۴۵۲ |

یااللہ یارزاق یانافع یاواسع یاوہاب یاغنی

**کاغذ پر اس کا ہدیہ چھ سو' چاندی پر گیارہ صد روپے اور سونے پر چھ ہزار روپے ہو گا۔**

قارئین شرف مشتری کا یہ نقش برائے حصول رزق' کشادگی رزق' وسعت رزق' کاروبار کے اضافے اور برکت' مال و دولت کی

باقی ص 46

# پاکستان کے فلکیاتی حالات

MONTH JULY

از: منجم محمد شہزاد بورے والا۔

یہ مضمون سیاروں کی رفتار کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے پاکستان کے زائچے پر پڑنے والے اثرات پر لکھا گیا ہے۔

قارئین! ماہ جولائی کے فلکیاتی حالات کچھ یوں ہیں۔ اس ماہ طالع کا مالک ۱۳ تک طالع میں رہے گا اور ماہ کے شروع میں یکم کو قمر درعقرب ہوگا جو کہ ایک نحس وقت ہے۔ اس لیے ماہ کی ابتداء میں ملک میں کوئی تخریبی کاروائی ہونے کا امکان نظر آتا ہے اور سرحدوں کی حالت بھی مخدوش دکھائی دے رہی ہے اس کے علاوہ عوام کا اپنے حقوق حاصل کرنے کے لیے شعور جاگے گا۔ موسمی حالات اچھے رہیں گے۔ بارشیں ہوں گی۔ افواہوں کا بازار گرم رہے گا۔ شمس ۲۲ تک دوسرے گھر میں رہے گا تو ملک کے معاشی حالات دگرگوں رہیں گے۔ اسٹاک مارکیٹ اتار چڑھاؤ کا شکار رہے گی۔ ۱۵ تک زیادہ تر مندے کا رجحان ہوگا اس کے بعد تیزی کا امکان ہے۔ زہرہ طالع میں آ جائے گا اور پھر سارا ماہ یہیں رہے گا ملک کے سیاسی حالات گومگو رہیں گے۔ حکومت اپنے مستقبل کے بارے میں سوچ بچار کرے گی اور عوام سے بھی رجوع کرے گی۔ چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ مریخ ۱۸ تک رجعت میں رہے گا عوام میں حکومت کے خلاف بے چینی پھیلے گی۔ سرحد پر چھیڑ چھاڑ کی وجہ سے دونوں طرف کا جانی و مالی نقصان ہوگا۔ ۱۱ کو شمس پیدائشی مشتری سے تثلیث بنائے گا اور زہرہ پیدائشی مریخ سے قران اور پیدائش عطارد تسدیس بنائے گا۔ ۱۳ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یکے بعد دیگرے بننے والی نظرات بڑی اہم ہیں۔ ۱۱ سے ۱۵ تک ملک کی معاشی، معاشرتی اور سیاسی تاریخ میں اہم دن ثابت ہوں گے۔ ان دنوں ہونے والے فیصلے ملک کی تاریخ بدل سکتے ہیں۔ اگر گورنمنٹ چاہے تو کالا باغ یا اس طرح کا کوئی اور فیصلہ ان دنوں کرے تو وہ بہت جلد پایہء تکمیل کو پہنچ جائے گا اور ملک کے حالات سنوارنے میں بڑا اہم کردار ادا کرے گا۔ اس سال کا سب سے اہم واقعہ ۱۳ کو مشتری دوسرے گھر میں آ جائے گا یہاں اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ یہ یہاں ۱۳ ماہ تک رہتا ہے یہ بارہ سال کے بعد اپنے مقام پر دوبارہ آتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں سب سے پہلے ۵۴-۵۵ میں یہ یہاں آیا تھا پھر ۶۵-۶۶ اور پھر ۷۷-۷۸ میں اور آخری دفعہ ۸۹-۹۰ میں یہاں آیا تھا اگر ہم ان تمام سالوں کو دیکھیں تو ملک میں ان اوقات میں زیادہ تر فوج کی حکومت تھی اور پاکستان نے صنعتی، معاشی اور سیاسی میدان میں جتنی بھی ترقی کی وہ انہی ادوار میں ہوئی ہے۔ اس لیے اب بھی پاکستان کی معاشی حالات سنبھل جائے گی۔ قرض اترنا شروع ہو جائے گا۔ کپاس کی فصل اچھی ہونے کا امکان ہے۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی واقع ہوگی۔ ۱۹ کو زہرہ مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ محکمہ خارجہ کی کوئی کاروائی حکومت کی بدنامی کا باعث بن سکتی ہے۔ اس ماہ چاول، سونا، مٹی کے تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ سپیئر پارٹس، لوہا، گندم، پراپرٹی کی قیمتیں مندے کا شکار رہیں گی۔ (ھذا ما عندی واللہ علم بالصواب)۔

**جواب طلب امور کے لیے جواب لفافہ ہمیشہ ارسال کریں**

از: خالد اسحاق راٹھور۔

قسط نمبر 8-

# اصول و قواعد عملیات

پچھلے ماہ کے مضمون میں ذکر ہو رہا تھا۔ میدان عملیات میں نجوم کے حوالے سے متفرق امور کا۔

زائچہ بنانا' طالع کا استخراج' زائچے کے گھروں کی درجہ بندی' کواکب کا درست استخراج اور خانہ پُری جیسے امور کو میں اپنی کتاب راہنمائے عملیات میں تفصیل سے بیان کر چکا ہوں۔ ان سے اگلا امر ہے قمر در عقرب کا۔ سو ذیل میں اس کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

## قمر در عقرب/قمر در ثور:

قمر جب برج ثور میں داخل ہوتا ہے تو اس وقت فلکی لحاظ سے طاقتور ترین حالت میں ہوتا ہے۔ دائرۃ البروج میں سفر کرتے ہوئے جب یہ برج عقرب میں داخل ہوتا ہے تو فلکی لحاظ سے حالت ہبوط کا شکار ہوتا ہے۔ یعنی یہ وہ برج ہے جہاں قمر زوال' کمزوری اور ناقص پوزیشن کا حامل ہوتا ہے۔ یہ برج عقرب کے تیسرے درجے پر پہنچتا ہے تو اپنے ہبوط کے ناقص ترین درجے اور کمزور ترین پوزیشن کا حامل ہوتا ہے۔ اس وقت کسی بھی نیک مقصد کے لیے عمل نہیں کرنا چاہیے۔ نجومی اور عملیاتی ہر دو لحاظ سے یہ ناقص ترین قمری حالت ہے اور اس وقت تیار کیے گئے اعمال رزق' ترقی' کشادگی' شادی' روزگار' صحت اور دیگر ایسے سعد اعمال مثبت نتائج نہیں لاتے۔ ہاں اعمال نحس' کسی کو تکلیف دینا' تباہی' بیماری' بندش' پریشانی اور رکاوٹ پیدا کرنے کے اعمال موثر ہوتے ہیں۔

اکثر عامل حضرات نجوم سے زیادہ واقفیت نہیں رکھتے اور اس نحس وقت میں سعد عمل تیار کرتے ہیں جو ناکامی کا ہی شکار ہوتا ہے۔ سو سعد عمل تیار کرتے ہوئے خالد روحانی جنتری سے دیکھ لیں کہ قمر حالت ہبوط یا حضیض میں نہ ہو۔

خالد روحانی جنتری میں قمر کی ان دونوں حالتوں کو پورے سال کے لیے بیان کر دیا گیا ہے۔ جبکہ راہنمائے عملیات میں متعلقہ ماہ کے حوالے سے قمر کی ان حالتوں کی مکمل تفصیل تحریر کر دی جاتی ہے۔ سو عامل حضرات نوٹ کر لیں کہ سعد اعمال کے لیے قمر کے شرف اور اوج کے اوقات بہترین ہوتے ہیں جبکہ قمر کے ہبوط اور حضیض کے اوقات نحس اعمال کے لیے موزوں ہوتے ہیں۔ سو اس کے مطابق اپنے اعمال روحانی تیار کریں۔

ایک بات کی اور یہاں وضاحت کرتا چلوں۔ بعض حضرات یہ خیال کرتے ہیں کہ ہبوط قمر کے دوران بھی اعمال سعد تیار کیے جا سکتے ہیں۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ دراصل یہ لوگ جب نجومی اصول و قواعد کو سمجھ نہیں پاتے تو ان سے فرار کا راستہ اختیار کرنے کے لیے ایسی لغو اور بے بنیاد باتیں کرتے ہیں۔ ایک بات مختصر سمجھ لیں فطرت انسان کے لیے تبدیل نہیں ہوتی۔ ہاں فطرت انسان کو مختلف راستے دیکھاتی ہے۔ موزوں راستے کا انتخاب انسان کی اپنی سوچ اور علم کے مرہون منت ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو خود کو عقل کل خیال کرتے ہوئے صدیوں سے چلے اور جانے اور حقیقی اصول و قواعد کی نفی کرتے ہیں صرف اپنے ساتھ ہی نہیں اپنے قاری اور اپنے دوستوں اور اپنے شاگردوں اور اپنے سائلوں کے ساتھ بھی زیادتی کرتے ہیں اور ان کا یہ جرم قابل معافی نہیں۔

## قمر کی حالتیں:

شمسی ماہ' قمری ماہ کی نسبت طویل ہوتا ہے۔ قمری ماہ قریباً

free copy
khalidrathore.com

۲۸/ ۲۹ دن پر مشتمل ہوتا ہے جبکہ شمسی ماہ (ماہ فروری کو چھوڑ کر) ۳۰/۳۱ دنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

قمر ایک ماہ کے دوران چار حالتیں اختیار کرتا ہے بطور مثال خالد روحانی جنتری ۲۰۰۱ء کا صفحہ نمبر ۲۲ دیکھیں جہاں ماہ رواں کی روزانہ جنتری دی گئی ہے۔ یہی ماہ رواں کے پرچے کے آخر میں بھی دی گئی ہے۔

۲۱ جون ۲۰۰۱ کو نیا چاند صبح صفر بجکر ۵ منٹ پر طلوع ہوگا۔ اس دن طلوع ہونے کے بعد ۲۷ جولائی کو دوپہر ۳ بجکر ۹ منٹ پر قمر کا نصف حصہ پورے طور پر روشن ہوگا۔ اس رات کو آپ یہ نظارہ دیکھ سکتے ہیں۔ بڑھتے بڑھتے ۴ اگست صبح ۱۰ بجکر ۵۷ منٹ پر قمر مکمل روشن ہوگا۔ جسے ہم مکمل چاند بھی کہتے ہیں۔ جیسے کہ ہر عروج کا ایک زوال ہوتا ہے سو قمر اپنے مکمل عروج کے بعد زوال یعنی تاریکی کا سفر شروع کرتا ہے۔ سو ۱۲ اگست دوپہر ۱۲ بجکر ۵۴ منٹ پر یہ مکمل روشن چاند سے دوبارہ نصف روشن چاند رہ جاتا ہے۔ اس شام کو آپ نظارہ کر سکتے ہیں۔ اس کا یہ زوال اس وقت مکمل ہوتا ہے جب یہ نصف روشن چاند گھٹتے گھٹتے قمری ماہ کے آخر میں بالکل تاریک ہو جاتا ہے۔

جہاں تک قمر کی حالتوں اور اعمال روحانی کا تعلق ہے تو نیا چاند ہمیشہ سے کسی بھی عمل کی ابتداء کرنے کے لیے مناسب ترین خیال کیا جاتا ہے۔ روحانی اعمال تیار کرنے ہوں مثلاً زراعت میں زیادتی، مال و دولت کا حصول اور بڑھنا، حکومت، اختیار، شادی، مقدمہ غرضیکہ کوئی بھی سعد مقصد ہو اس وقت اعمال تیار کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ ذات کے حوالے سے بھی یہ وقت بہت اہم ہے۔ آپ کسی کے ساتھ دوستی کرنا چاہتے ہیں یا نیا تعلق استوار کرنے کی کوشش ہے تو یہ وقت نئے تعلقات میں کامیابی لاتا ہے۔ اسی طرح اپنی ذات کو آگے بڑھانے اور ذاتی ترقی کے لیے بھی یہ وقت مفید ثابت ہوتا ہے۔

نیا چاند سے مکمل چاند تک کا وقت بہر حال سعد ہی ہوتا ہے اور مثبت اثرات کا حامل ہوتا ہے۔

تاہم مکمل چاند کے بعد کا وقت بہر حال مندرجہ بالا امور کے حوالے سے قمری طاقت کھو دیتا ہے۔ سو اس وقت کسی بھی نئے کام کی ابتداء یا کسی عمل/ چلے کی ابتداء نہ کرنی چاہیے۔ بلکہ نئے چاند کا انتظار کرنا مفید رہے گا۔ جوں جوں قمر تاریکی کی طرف جا رہا ہو ویسے ہی اپنی سرگرمیوں کو کنٹرول کرنا مفید رہتا ہے۔

اور جب چاند مکمل تاریک ہو جائے تو اس وقت ماسوائے چند ایک خاص اعمال کے کسی بھی قسم کا عمل/ چلہ وغیرہ نہ کرنا چاہیے۔ بے شک یہ نحس مقاصد کے لیے ہو۔ خیال رکھیں مکمل تاریک چاند کا وقت بہر حال ایک مناسب وقت نہیں ہے۔

• آگے آتے ہیں، بروج اور حاکم کواکب، بروج کا عرصہ حکومت اور منازل قمر جیسے امور۔ ان کو اپنی کتاب راہنمائے عملیات میں زیر بحث لا چکا ہوں سو وہاں سے دیکھ لیں۔

جاری ہے۔


## طلسم تسخیر و حاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: خالد اسحاق راٹھور۔

# نظرات کواکب

# عملیات نادرہ

## عطارد قران مشتری

### ۱۳ جولائی صبح ۳ بجکر ۳۰ منٹ

### حصول ملازمت

یوں تو یہ نظر کئی امور کے لیے عملیاتی خواص لیے ہوئے ہے تاہم رزق ایک ایسی شے ہے جس کی تلاش میں ہر نفس مبتلا ہے۔ سو یہاں حصول ملازمت کے لیے ایک عمل تحریر کر رہا ہوں جن لوگوں کو ملازمت نہیں ملتی اور نوکری کی تلاش میں ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر مارے مارے پھرتے ہیں وہ ذیل کے عمل کو اختیار کریں۔ اللہ مشکلات حل کرنے والا ہے۔

مندرجہ بالا وقت پر مطابق شرائط درج ذیل نقش کو تحریر کر لیں پھر جب کسی نوکری یا انٹرویو کے لیے جانا ہو اس نقش کو ہمراہ رکھ لیں۔ اللہ بہتری کرے گا۔ نقش بمعہ چال یوں ہے۔ نقش کو تہہ کر کے نہ رکھیں بلکہ کھلا رہنے دیں۔

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۶ | ۲۷۲ | ۲۶۵ | ۲۷۹ |
| ۲۶۶ | ۲۷۸ | ۲۷۷ | ۲۷۱ |
| ۲۸۱ | ۲۶۷ | ۲۷۰ | ۲۷۴ |
| ۲۶۹ | ۲۷۵ | ۲۸۰ | ۲۶۸ |

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

## زہرہ قران زحل

### استحکام ملازمت

### ۱۵ جولائی دوپہر ۱۲ بجکر ۳۲ منٹ

آج کل ہر فرد نوکری کے ختم ہونے کے خطرے سے دوچار ہے۔ کچھ تو ایسے گناہ گار اور غلط کاموں میں ملوث ہیں کہ ان کی نوکری باقی نہ رہنا ہی بہتر ہے۔ بہر حال وہ لوگ جو بے گناہ ہیں اور نوکری کے خاتمے کے بارے میں پریشان ہیں ان کو درج ذیل عمل کو اختیار کرنا چاہیے۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

درج ذیل تکسیر کو عین نظر کے وقت تمام شرائط کے مدنظر رکھتے ہوئے سفید کاغذ یا چاندی کے اوپر کندہ کروائیں۔ دفتر آتے جاتے اور معاملات روزگار طے کرتے ہوئے اس کو ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔ اس کے ساتھ فجر کے فرضوں سے پہلے ۹ تسبیح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی روزانہ پڑھے۔

ب س م ا ل ہ ر ح ن ی

free copy
khalidrathore.com

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ل | ہ | ا | ر | م | ح | س | ن | ب | ی |
| ح | م | س | ر | ن | ا | ب | ہ | ی | ل |
| ا | ن | ب | ر | ہ | س | ی | م | ل | ح |
| س | ہ | ی | ر | م | ب | ل | ن | ح | ا |
| ب | م | ل | ر | ن | ی | ح | ہ | ا | س |

## زہرہ مقابلہ مریخ

### ۱۹ جولائی دوپہر ۲ بجکر ۲۱ منٹ

### اختلاف/جھگڑا

جب ضرورت اس امر کی ہو کہ زن و مرد کے درمیان اختلاف پیدا کرنا مقصود ہو تو پھر درج ذیل نقش کو عین وقت نظر تحریر کر کے ایسی جگہ دفن کر دے جس کے اوپر چھت نہ ہو بلکہ سورج کی روشنی براہ راست پہنچتی ہو۔ جتنی جگہ خستہ حال اور ناقص حالت کی ہوگی اتنا ہی بہتر ہے۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۴ | ۱۵۷ | ۱۶۰ | ۱۴۷ |
| ۱۵۹ | ۱۴۸ | ۱۵۳ | ۱۵۸ |
| ۱۴۹ | ۱۶۲ | ۱۵۵ | ۱۵۲ |
| ۱۵۶ | ۱۵۱ | ۱۵۰ | ۱۶۱ |

## خط لکھنے والے

ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔ ورنہ جواب نہیں دیا جائے گا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۸۳ | ۳۹۵ | ۳۸۷ | ۳۷۸ | ۳۹۱ |
| ۳۷۶ | ۳۹۴ | ۳۸۱ | ۳۹۸ | ۳۸۵ |
| ۳۹۶ | ۳۸۸ | ۳۷۴ | ۳۹۲ | ۳۸۴ |
| ۳۹۰ | ۳۸۲ | ۳۹۹ | ۳۸۶ | ۳۷۷ |
| ۳۸۹ | ۳۷۵ | ۳۹۳ | ۳۸۰ | ۳۹۷ |

زیادہ بہتر تو یہ ہے کہ اس نقش کو ہرن کی کھال پر تحریر کریں۔ بشرطیکہ مکمل یقین ہو کہ کھال ہرن کی ہے۔ کسی خرگوش یا کتے کی نہیں۔ دوسری صورت میں چاندی پر نقش کر کے گلے میں ڈال لیں بازو پر باندھ لیں یا کمر پر۔ اس کے ساتھ ساتھ اسماء الٰہی کا ورد اپنے نام کے اعداد کے حساب سے روزانہ کریں۔ انشاء اللہ حصول مراد ہوگی۔

رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے کہ دعا میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔ دراصل اس سے مراد انسانی نفس کا دعا مانگنے سے جلد اکتا جانا ہے اور یہ خیال کرنا ہے کہ اللہ نے اس کی دعا سنی ہی نہیں یا متعلقہ عمل میں اثر نہیں ہے۔ بس اس بات سے پرہیز کریں۔ دعا تو اسی وقت مقبولیت حاصل کر لیتی ہے جب وہ کسی مخلص دل سے نکلتی ہے۔ اس کے عملی طور پر ظہور میں آنے کا وقت ذات الٰہی کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔ آج دینا ہے، کل یا آخری جہاں میں۔ آپ کا میرا کام مانگنا ہے (ذات الٰہی سے) سو ان دونوں جہانوں کے رب کے دربار میں عاجزی اور یقین محکم کے ساتھ حاضر رہیں۔ باقی کام اس رب کا ہے۔

مستحصلہ قادر الکلام

بنیادی طور پر یہ کتاب خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی استعمال کے مستحصلے کی تفصیلی تشریح پر مشتمل ہے۔ اس مستحصلے کے نام پر ہی کتاب کو یہ نام دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس کتاب میں 150 اصطلاحات جفر کے علاوہ نجوم، ساعات اور پانچ دیگر جفری مستحصلاجات بیان کئے گئے ہیں۔ وہ لوگ جو مستحصلے کی تلاش میں گرداں ہیں ان کے لیے یہ کتاب راہنما ثابت ہوگی۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# اعمال اوج شمس وزہرہ

خالد اسحٰق راٹھور

## اوج شمس

یہ دونوں مضامین کتاب علم الحروف سے لیے گئے ہیں

## حاکم اعلیٰ یا حکام میں مقبولیت

☆ اس مقصد کے لئے درج ذیل مثلث کو طالع اسد میں شرف شمس کے وقت کندہ کروائیں۔ سائل مرد ہو تو چاندی کی اور عورت ہو تو سونے کی انگوٹھی پر تحریر کرنا چاہئے۔ اعلیٰ حکام بادشاہ وقت کے پاس مقبولیت حاصل ہو اور ان کے پاس رو کے ہوئے کام مکمل ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ا | ا | ا |
| ا | ا | ا |
| ا | ا | ا |

## اولاد نرینہ

عموماً عاملین اوج شمس کے وقت تسخیر، حکومت، بادشاہت، امارت، عہدے اور مرتبے وغیرہ کے اعمال تیار کرتے ہیں۔ تاہم میں ان میں سے کوئی عمل یہاں تحریر نہیں کر رہا بلکہ ایک ایسا عمل تحریر کر رہا ہوں جس کا ذکر بھی پہلے آپ کی سماعت سے نہ گزرا ہوگا۔

وہ جوڑے جو اولاد نرینہ سے محروم ہیں وہ اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شمس کے تحت اس سعد وقت میں اگر اسم الٰہی ''اول'' جو کہ حرف ''ا'' سے شروع ہوتا ہے کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس کے اثرات دو چند ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ اولاد نرینہ کے لئے نقش تیار کرنے کا طریقہ کچھ یوں ہے۔

۱۔ نام سائل بمعہ نام والدہ سائل (زوجین) کے لیں۔

۲۔ ان میں اسم الٰہی ''اول'' کا اضافہ کریں۔

۳۔ تمام الفاظ کی بسط حرفی کریں مگر تکرار والے حروف کو کاٹیں مت۔

۴۔ اس سطر کی تکسیر حاصل کریں۔

۵۔ اس تکسیر میں جس قدر حروف نورانی حاصل ہوں ان کے اعداد کے مطابق نقش تحریر کر کے طالب وسائل کو دیں۔

۶۔ طالب کی مالی حیثیت کے مطابق سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کریں۔ یوں اس کو کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔

۷۔ تکسیر سے موکل اور اعوان استخراج کر کے نقش کے چہار اطراف میں تحریر کریں۔

۸۔ نقش کے اضلاع بسم اللہ سے بنائیں اور چاروں کونوں میں چاروں مقرب ترین فرشتوں کے نام تحریر کر دیں۔

مثال:۔ مندرجہ بالا قواعد کی وضاحت کے لئے حقیقی مثال نہیں لی جا سکتی کیونکہ وہ بہت طویل ہو جائے گی۔ مختصراً سائل اور اسم الٰہی سے کر تکسیر کرتے ہیں۔

نام سائل۔ احمد

اسم الٰہی:۔ اول

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ح | م | د | ا | و | ل |
| ل | ا | و | ح | ا | م | د |
| د | ل | م | ا | ا | و | ح |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ح | د | و | ل | ا | م | ا |
| ا | ح | م | د | ا | و | ل |
| ل | ا | و | ح | ا | م | د |
| د | ل | م | ا | ا | و | ح |
| ح | د | و | ل | ا | م | ا |
| ا | ح | م | د | ا | و | ل |

اب تمام حروف نورانی کا استخراج کریں اور ان کی عددی قیمت لیں- ہماری مثال میں ان کی کل عددی قیمت ۷۲۰ بنتی ہے- اس کے مطابق نقش ۱۰۲ الف پُر کریں- خیال رہے یہ چال ہے مسدس کی جو کہ منسوب شرف آفتاب سے ہے- عموماً تجربہ کار اور صاحب علم عاملین کو اس نقش کے لکھنے کے بارے میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی- تاہم یاددہانی کے لئے تحریر کیے دیتا ہوں کہ جس قدر اعداد حاصل ہوں- ان میں سے ۱۰۵ عدد قانون کے تفریق کر کے باقی کو ۶ سے تقسیم کر دیں- جو حاصل آئے اس کو چال کے خانہ اول میں رکھ کر نقش مکمل کر لیں- اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو بمطابق کسر مختلف خانوں میں سے متعلقہ خانے میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا-

۱۰۲

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۳۲ | ۳۴ | ۳ | ۳۵ | ۱ |
| ۷ | ۱۱ | ۲۷ | ۲۸ | ۸ | ۳۰ |
| ۱۸ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۱۳ |
| ۱۹ | ۲۰ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۹ | ۱۰ | ۹ | ۲۶ | ۱۲ |
| ۳۶ | ۵ | ۴ | ۳۳ | ۲ | ۳۱ |

خارج قسمت ۱ ہو تو خانہ ۳۱ میں' دو ہو تو خانہ ۲۵ میں' تین ہو تو خانہ ۱۹ میں' چار ہو تو خانہ ۱۳ میں اور اگر پانچ ہو تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کر دیں-

اگر آپ کا ارادہ یہ نقش تحریر کرنے کا ہو تو قبل از وقت اس کی تیاری کر لیں اور عین وقت اوج شمس اس کو سونے' چاندی یا کاغذ پر منتقل کر لیں- اللہ مدد کرنے والا ہے-

## اوج زہرہ

# امراض رحم و حمل

اوج زہرہ کے حوالے سے ایک عمل تحریر کر رہا ہوں یہ صرف خواتین اور ان کے امراض خصوصی سے متعلق ہے- رحم کی کوئی تکلیف ہو یا حمل کی حفاظت درکار ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وقت سعد پر درج ذیل طریق سے نقش تیار کر کے متعلقہ سائل کو دیں- انشاء اللہ بہتری ہوگی- زہرہ کو برج جوزا کے ۲۲ درجے پر اوج ہوتا ہے-

حرف ''الف'' کے حوالے سے دو اسماء الٰہی ''اللہ'' اور ''آخر'' کو لیں گے- ان کے علاوہ دو اور اسماء الٰہی ''خالق'' اور ''معبود'' بھی استعمال ہوں گے- یہ دونوں اسماء الٰہی بالترتیب نسوانی امراض اور اولاد کے لئے مجرب ہیں- ان سب کے اعداد لے لیں- بہ رفتار مخمس تحریر کریں- اعداد ان تمام اسماء الٰہی کے یوں ہوئے-

| | |
|---|---|
| اللہ | ۶۶ |
| آخر | ۸۰۱ |
| خالق | ۷۳۱ |
| معبود | ۳۳۶ |
| میزان | ۱۹۳۴ |

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۵ | ۱۳ | ۲۱ | ۹ |
| ۱۱ | ۲۴ | ۷ | ۲۰ | ۳ |
| ۱۰ | ۱۸ | ۱ | ۱۴ | ۲۲ |
| ۴ | ۱۲ | ۲۵ | ۸ | ۱۶ |
| ۲۳ | ۶ | ۱۹ | ۲ | ۱۵ |

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

از: پیر سید وارث علی شاہ جیلانی، فیصل آباد۔

# اسم یا سطیح کا عمل

یہ عمل دشمنوں اور ظالموں سے حفظ و امن میں رہنے کا ہے۔ اس عمل کی مداومت اور استقامت سے کوئی بڑے سے بڑا ظالم جابر اور فرعون و نمرود بھی مقابلہ نہیں کرسکتا۔

اللہ تعالیٰ کے اسم صفاتی سطیع کے لغوی معنی صبح پھیلنا۔ بجلی چمکنا۔ غبار اُڑ کر فضا میں بلند ہونا وغیرہ یہ باب فتح یفتح ثلاثی مجرد سے ہے۔ ۱۹۵۰ء میں جب فقیر دربار رسالت میں حاضر تھا تو وہاں کے المکتبۃ العلمیۃ غزکانی و اولادہ' سے مجھے دیوان خطب ابن بناتہ مطبوعہ مصر ملا۔ اس میں عربی سال محرم سے ذوالحجہ تک ہر ماہ کے چار چار جمعۃ المبارک کے خطبات درج ہیں۔ علاوہ ازیں خطبہ نعت' خطبہ زرع۔ خطبہ شہادت حضرت عمر فاروقؓ وغیرہ بھی شامل ہیں۔ خطبات کے اختتام پر ایک عمل یا سطیع عربی میں درج ہے اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

**تقرأ عند حلول الشدائد والكروب سبع مرات وهي هذه۔ يَا سَطِيعَ النُّورِ الَّذِي وَضَعَ الْمَذَلَّةَ عَلَى رِقَابِ الْجَبَابِرَةِ وَالْفَرَاعِنَةِ فَهُمْ فِي سَطْوَتِهِ خَائِفُونَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ۔**

(ترجمہ) مصائب و آلام کے وقت یہ وظیفہ سات مرتبہ پڑھا جائے اور وہ یہ ہے کہ ایک نور کو پھیلانے والے تو وہ ذات ہے کہ جس نے جابر اور فرعون صفت ظالموں کی گردنوں کو ذلت سے جھکا دیا ہے پس وہ متکبر اللہ تعالیٰ کے دبدبہ اور ہیبت سے خوف زدہ ہیں کچھ عرصہ بعد قدرے ردوبدل سے یہ عمل ایک پوشیدہ قلمی بیاض سے بدیں ترتیب ملا۔ تسخیر اور دنیوی حاجات و مشکلات کے لیے یہ اسم (سطیع) کیمیاء اکسیر ہے جملہ مقاصد میں (اس کے پڑھنے سے) کامیابی ہو گی (پڑھنے کا طریقہ یہ ہے) پہلے ایک دفعہ کلمہ طیبہ (لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ) پڑھے پھر ایک دفعہ یہ دعا پڑھے:-

**يَا سَطِيعَ النُّورِ الَّذِي وَضَعَ الْمَذَلَّةَ عَلَى رُءُوسِ الْجَبَابِرَةِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَفْعَ رُءُوسِهِمْ مِنْ خَوْفِ سَطْوَتِهِ** پھر **يَا سَطِيعُ** ۴۵ بار پڑھے۔

(ترجمہ) اے نور پھیلانے والے تیری وہ ذات ہے جس نے جابروں کے سروں کو ذلت سے پست کر دیا ہے پس وہ اُس کی ہیبت کے خوف سے سروں کو اوپر اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ دراصل

ان دونوں عملوں میں سے کسی بھی ایک عمل کو روزانہ سات بار پڑھ کر بعد' ۴۵ مرتبہ یا سطیع پڑھے اور دوران عمل دشمن کی شکست مقہوری اور ہلاکت کا پختہ تصور رکھے۔ اگر کسی عدالت میں مقدمہ ہو یا کسی مظلوم پر غلط مقدمہ بنا کر جیل میں بند کر دیا ہو یا کوئی بے گناہ قتل کے جرم میں ماخوذ ہو تو یہ عمل اُس کو پڑھنے کے لیے کہیں یا اُس کو ورثاء میں سے کوئی بھی اس عمل کو بہ نیت رہائی پڑھے اور جب بھی عدالت میں جج یا مجسٹریٹ کے ہاں تاریخ پیشی ہو تو عمل پڑھ کر جائے بلکہ چند مرتبہ پڑھ کر جج کی طرف پھونک مار دے بفضلہ تعالیٰ مظلوم شخص صاف بری ہو جائے گا۔ قرآن مجید کی یہ آیات بھی یہی اثر رکھتی ہیں۔

**اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ" o "وَاللّٰهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ" o فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا۔**

اور یہ اسماء بھی دشمن کو شکست دینے اور ذلیل و خوار کرنے میں مجرب ہیں۔

**يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ اَنْتَ الَّذِي لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهُ' يَا قَاهِرُ' يَا قَهَّارُ لَقَهَرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِي قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ۔ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ بِقَهْرِ عَزِيزِ سُلْطَانِهِ يَا مُذِلُّ۔ يَا جَبَّارُ۔ يَا قَهَّارُ يَا مُذِلُّ۔ يَا قَابِضُ۔ يَا مَانِعُ۔ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا o اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنَا شَرَّهُمْ بِمَا شِئْتَ۔ اِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ۔**

ان میں سے کسی ایک آیت یا جملہ یا اسم یا پانچوں اسماء کو ۴۱ بار روزانہ پڑھا کرے بفضلہ دشمن دفع دور ہوگا اور اُس میں عامل سے مقابلہ کرنے کی ہمت نہ رہے گی بلکہ اُس کے اعضاء اور قویٰ مضمحل اور ضعیف ہو جائیں گے۔ اور اُس پر عامل کا رعب' دبدبہ اور ہیبت چھا جائے گی ور اُس پر مردنی کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

یہ مضمون صنم خانہ عملیات سے لیا گیا ہے۔

# خاتمہ سحر و جادو

## 100 طریقے

freecopy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

یہ بات مسلم اور طے شدہ ہے کہ اس دنیا میں کسی بھی معاملے میں کوئی بھی فارمولہ اور کوئی بھی طریقہ اُس وقت تک کارگر اور نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوسکتا جب تک مالک کون و مکان کی مرضی شامل حال نہ ہو۔ تعویذات ہوں یا وظائف ہوں یا عملیات کے ذخیرے ہوں سب کے سب بے روح اور بے جان قرار پاتے ہیں۔ اگر مالک کون و مکاں کی رضا و قضا سے یہ محروم ہوں۔ تعویذ فی نفسہٖ موثر نہیں ہے۔ تعویذ کی حیثیت اگر اللہ جل جلالہٗ کی مرضی شامل نہ ہو تو فقط کاغذ کے ایک پُرزے کی سی ہے۔ لیکن صرف ایک تعویذ ہی نہیں بلکہ دنیا کے ہر ہر طریقہء علاج کی بعینہٖ یہی حیثیت ہے۔ اگر اللہ جل جلالہٗ اس میں اپنی مرضیات کو داخل نہ کریں۔ ٹیبلیٹ اور کیپسول اور چاکلیٹ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ اگر حق جل مجدہ مریض کو شفا دینے کا ارادہ نہ فرمائیں۔ آج کی دنیا کے مادہ پرست لوگوں نے یا اُن کورے جاہلوں نے جو اسلامی عقائد کی گہرائیوں سے واقف نہیں ہیں۔ تعویذات کے خلاف تو بہت لے دے کی ہے اور ان کی تاثیرات کے خلاف بہت ہنگامے مچائے ہیں۔ لیکن ان ہی حضرات عقل کل نے دواؤں اور خمیروں کو عملاً فی نفسہٖ موثر مانا ہے۔ گو زبان سے وہ اس بات کا انکار کرتے ہیں۔ لیکن ان کے اقوال و احوال سے صاف طور پر مترشح ہوتا ہے کہ جشوندے اور خمیرہ مروارید اور ڈیکسا اور ٹیٹرا کیپسول وغیرہ کو فی ذاتہٖ موثر خیال کرتے ہیں اور ان پر ایمان لاتے ہیں۔ حالانکہ دنیا کی تمام دواؤں کی بھی وہی پوزیشن ہے۔ جو ازراہ عقیدہ تعویذات کی ہے۔ اللہ کی مرضی کے بغیر اگر روحانی عملیات بے حیثیت ہیں تو اللہ کی مرضی کے بغیر میڈیسن اور جڑی بوٹیاں بھی قطعاً ہیچ اور لایعنی ہیں۔ حدیث پاک سے یہ بات ثابت ہے کہ دوا حلق میں جاتے وقت اپنے رب سے سرگوشی کرتے ہوئے یہ کہتی ہے کہ میں اس مریض کے مرض کو بڑھاؤں یا گھٹاؤں یا اسی حالت پر رہنے دوں؟ اور پھر جو فیصلہ حق تعالیٰ کا ہوتا ہے اسی نوعیت کا اثر دوا کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ دوا کبھی فائدہ بھی کرتی ہے۔ اور کبھی نقصان بھی پہنچاتی ہے۔ عرف عام میں اس کو ری ایکشن کہتے ہیں۔ شریعت نے دنیا کو دارالاسباب مانتے ہوئے امراض سے نمٹنے کے لیے علاج کی اجازت دی ہے اور علاج ہی نبی کی سنت بھی رہا ہے۔ لیکن شریعت نے کسی وسیلہ مدافعت اور کسی طریقہ علاج کو معیوب قرار نہیں دیا ہے۔ ازروئے شرع صرف ان طریقوں کو مردود بتایا گیا ہے جن میں غیر اللہ سے استعانت طلب کی جاتی ہو یا جن پر بھروسہ حد سے زیادہ کرلیا جاتا ہو۔ یعنی اس انداز میں کرلیا جاتا ہو جیسے کہ یہ طریقے موثر بالذات ہیں اور اپنی تاثیرات کے خود ہی خالق ہیں۔ ورنہ شریعت اسلامیہ میں علاج کا کوئی بھی طریقہ مبغوض نہیں ہے۔ جس طریقے سے انسان کو شفا نصیب

ہونے کا امکان ہو اس طریقے کو برائے علاج اختیار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ یونانی علاج ہو یا ایلوپیتھک یا ہومیوپیتھک یہ سب ہی جائز ہیں۔ اسی طرح جو علاج حروف واعداد کے ذریعہ کیے جاتے ہوں۔ وہ بھی سب کے سب جائز ہیں اور ان پر بھی شریعت کسی بھی طرح کی کوئی قدغن نہیں لگاتی۔ البتہ شریعت اس بات کی متقاضی ہر جگہ نظر آتی ہے کہ ہر بندہ ہر طرح کے علاج ومعالجے سے فائدہ اٹھاتے وقت اس یقین کو پامال نہ ہونے دے کہ بیماری کے بعد شفا اور صحت عطا کرنے والی اصل ذات خالق کائنات کی ہے اور آفتوں کے بعد راحتیں اور طوفانوں کے بعد سکون عطا کرنے والی ذات بھی خالق کائنات ہی کی ہے۔ یہ ذات گرامی اگر کسی کو زندگی دینے کا فیصلہ کر چکی ہو تو زہر ہلاہل بھی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا اور یہ ذات گرامی کسی کو موت دینے کا ارادہ کر بیٹھی ہو تو تریاق بھی اسے زندگی عطا نہیں کر سکتا۔ یہ یقین کہ کرنے اور عطا کرنے والی ذات اللہ کی اور صرف اللہ کی ہے۔ اگر دل کی گہرائی میں جاگزیں ہو تو پھر علاج دوا سے ہو، جڑی بوٹی سے ہو یا حروف اور اعداد سے ہو، عقل سے ہو یا مشینوں سے ہو۔ انسان کے عقیدے کو مجروح نہیں کرتا۔ اور اسے گنہگار نہیں بناتا۔

اس رنگ برنگی دنیا میں جہاں بے شمار اور لاتعداد حقائق پیدا کیے ہیں۔ وہاں سحر کی بھی ایک حقیقت پیدا کی گئی ہے۔ لیکن افسوناک بات تو یہ ہے کہ وہ لوگ جو خود کو صاحب عقیدہ سمجھتے ہیں وہ بھی جادو کی حقیقت کو جھٹلاتے ہیں۔ جب کہ جادو کا تذکرہ اللہ کی آخری کتاب قرآن حکیم میں جگہ جگہ آیا ہے۔ اگر جادو بے حقیقت ہوتا تو قرآن پاک میں اس کا تذکرہ کرنے کے بعد اس کو بے حقیقت بتایا جاتا۔ لیکن قرآن نے کسی جگہ جادو کو بے اثر اور بے حقیقت قرار نہیں دیا ہے۔ بلکہ مختلف انداز سے اس کی حقیقت کو تسلیم کیا ہے۔ جس طرح بندوق کی گولی اور تلوار کی دھار اپنے اندر ایک اثر رکھتی ہے اور یہ اثر اللہ ہی کا پیدا کردہ اثر ہے۔ اسی طرح جادو ٹونا بھی اپنے اندر تاثیر رکھتا ہے۔ لیکن لاریب یہ تاثیر اذن خداوندی کی بالکل اسی طرح محتاج ہے۔ جسطرح دنیا کی ہر اثر انگیز چیز اپنا اثر دکھانے میں اذن خداوندی کی محتاج ہے۔

سحر اور جادو کے سلسلے میں برسہا برس تک علماء اور عقلاء کے درمیان بحث ہوتی رہی ہے کوئی اس کی حقیقت کو مانتا رہا۔ کوئی منکر رہا۔ لیکن اکثر علما حق کی رائے یہ ہے کہ سحر ایک حقیقت ہے اور یہ سحر مضرت رساں بھی ہوتا ہے۔ حق تعالیٰ نے اپنی حکمت اور مصلحت کاملہ کے پیش نظر اس میں اسی طرح کے مضر اثرات پیدا کر دیئے ہیں۔ جس طرح دوسری اشیاء میں موجود ہیں۔ مثلاً زہر انسان کی زندگی کو نقصان پہنچاتا ہے اور تریاق انسان کو حیات نو بخشتا ہے۔ لیکن یہ سب کچھ حکم خداوندی ہی سے ہوتا ہے۔ اگر اللہ کا حکم اور استیذان نہ ہو تو زہر کسی کو مار نہیں سکتا اور تریاق کسی کو جلا نہیں سکتا۔ آگ بلاشبہ جلانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ لیکن یہی آگ کسی کے لیے گلزار بھی بن سکتی ہے۔ پانی ڈبو دینے کی اہلیت رکھتا ہے۔ لیکن یہی پانی کسی کے لیے پتھر کی طرح جامد بھی بن جاتا ہے۔ وہ دریا ہی تو تھا جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے بارہ راستے بن گئے تھے۔ اور وہ بھی دریا ہی تھا جس نے فرعون اور اس کے لشکر کو غرق کر دیا تھا اور موسیٰ اور ان کے اصحاب اس پر سے گزر گئے تھے کیوں کہ حکم خداوندی یہی تھا کہ فرعون اور اس کے لاؤ لشکر کو ڈبو دو اور موسیٰ اور ان کے ساتھیوں کو پار کرادو جیسا خدا کا حکم ہوتا ہے۔ ویسا ہی اس کائنات کی ہر موثر چیز اپنا اثر دکھاتی ہے۔

جو لوگ جادو کو موثر بالذات سمجھتے ہیں وہ کافر ہیں۔ لیکن جادو میں حکم خداوندی سے ایک اثر پنہاں ہے اور اس حقیقت کو تمام اہل سنت والجماعت نے تسلیم کیا ہے۔ البتہ جادو کی تعلیم حاصل کرنا یا کسی کو جادو کی تعلیم دینا دونوں ہی باتیں منجملہ کفریات سے ہیں۔ اور شریعت نے جادو کو شرک قرار دیا ہے۔ البتہ ایسے فنون سیکھنا جن سے جادو جیسے مضر چیزوں پر قابو پایا جا سکے ضروری ہے۔

جادو کی اپنی ایک تاریخ ہے۔ اور کچھ حد بندیوں کے ساتھ اس کی تعلیم زمانہ قدیم کے مسلمانوں نے بھی حاصل کی ہے۔ پھر رفتہ رفتہ جب اس کے برگ وبار پر کفر وشرک کے پھل پھول آنے لگے تو اسلامی شریعت نے ان چیزوں سے کنارہ کش ہونے کی تاکید کی۔۔۔ اور پھر بعثت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جادو کا فن رفتہ رفتہ قریب الختم ہو گیا۔ کیوں کہ مسلمانوں نے خود اس کی بیخ کنی کرنے کی جدوجہد کی۔

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب اپنی تصنیف رموز مقطعات میں تحریر فرماتے ہیں کہ "زمانہ قدیم میں علم نجوم اور علم سحر کی طرف لوگوں کا عام رجحان رہا ہے۔ وہ ان علوم کو دوسرے علوم پر فوقیت دیتے تھے۔ کلدانیوں، سریانیوں اور قبطیوں کو ان علوم میں نسبتاً زیادہ کمال حاصل تھا۔ دراصل ان ہی قوموں سے یہ علوم وفنون یونانیوں اور

free copy
khalidrathore.com

پارسیوں وغیرہ نے حاصل کیے تھے۔ قرآن حکیم میں بھی کچھ ایسے واقعات پر روشنی موجود ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ پہلے زمانہ میں سحر کافی عروج پر تھا۔ بڑے بڑے ساحر جگہ جگہ موجود تھے جو اپنی فنکارانہ اور علمی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے لوگوں کو مبہوت کر ڈالتے تھے۔ بعض ممالک میں تو لوگ ان کی ہولناک حرکتوں سے اس قدر عاجز آ گئے تھے کہ ان کے لیے سلامتی کے ساتھ زندہ رہنا مشکل ہو گیا تھا۔ تنگ آمد بہ جنگ آمد۔ پھر یہ ہوا کہ پریشان حال لوگوں نے منصوبہ بند طریقوں سے ساحروں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ یہی نہیں بلکہ حکومتی سطح پر بھی ان کو سزائے موت دی گئی اور ان کے علمی ذخیرے کو دریا برد کر دیا گیا۔ تاہم کچھ نہ کچھ علم باقی رہ گیا۔ سب کا سب ضائع نہ ہو سکا"۔

عظیم مورخ ابن خلدون لکھتے ہیں "مسلمانوں کو فتوحات کے نتیجے میں مختلف ممالک سے اہم نوادرات کے علاوہ فلسفہ وحکمت، ریاضی اور سحری علوم کا ذخیرہ ملا ہے۔ مگر چونکہ شریعت اسلامی نے خاص طور پر علم سحر کو حرام قرار دے دیا تھا اور ساحروں کے لیے سخت ترین عذاب کی بات کہی تھی۔ اس لئے مسلمانوں نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ بلکہ اس کو شدید نفرت وحقارت کی نگاہوں سے دیکھا اور یونانی علوم کے تراجم کرتے وقت بالقصد اس علم کو نظر انداز کر دیا گیا۔ اسی لئے وہ ذخیرہ بھی جو غیر مرتب صورت میں حاصل ہوا تھا۔ رفتہ رفتہ ضائع ہو گیا یا ضائع کر دیا گیا۔ صرف مسلمانوں نے ہی نہیں دوسرے لوگوں نے بھی سحری علوم کو ختم کرنے کی کوششیں کیں۔ لیکن اس کے باوجود یہ علم کسی نہ کسی درجے میں پھر بھی باقی رہ گیا۔ اور آج تک سینہ بہ سینہ چلا آ رہا ہے"۔

بہر حال جادو کی حقیقت کو تمام علمائے قدیم نے تسلیم کیا ہے اور یہ بات بھی تسلیم کی ہے کہ ذخیرہ سحر بڑی حد تک تلف ہو جانے کے باوجود سلسلۂ علم سحر سینہ بہ سینہ کسی نہ کسی درجے میں باقی رہا۔ اور آج تک باقی ہے۔

بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ جادو صرف شعبدے بازی اور نظر بندی کو کہتے ہیں۔ اس سے زیادہ جادو کی کوئی حقیقت نہیں۔ جب کہ جادو ایک ایسی حقیقت کا نام ہے کہ جس کا سہارا لے کر حقائق کو متغیر کر دیا جاتا ہے۔ اور اس کے ذریعہ جنس بھی بدل دی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں اور بھی بہت سے فتنے اس کے ذریعہ ظہور میں آ جاتے ہیں۔ جو عموماً خلق خدا کے لئے ضرر رساں بنتے ہیں۔ اسی لئے جادو کو شرعاً حرام قرار دیا گیا ہے۔

ایک روایت میں حضرت کعبؓ سے مروی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہودی میرے ایمان لانے سے بہت چراغ پا ہوئے۔ اور اگر میں ایک عزیمت کو اپنے ورد میں نہ رکھتا تو وہ مجھے جادو کے زور سے گدھا بنا دیتے۔ لیکن میں عزیمت کا ورد کرنے کی وجہ سے ان کی سازش سے محفوظ رہا۔ اس روایت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جادو کے زور سے انسان کو گدھا بھی بنایا جا سکتا ہے۔

بے شمار واقعات اور شواہد سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہو جاتی ہے کہ بذریعہ جادو میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا کر دی جاتی ہے۔ اور بسا اوقات طلاق تک بھی نوبت پہنچ جاتی ہے۔ بعض گھر میں یہ دیکھا گیا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے پر جان چھڑکتے ہیں اور پھر اچانک یہ ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کی صورتوں سے بیزار ہو جاتے ہیں۔ یہ دراصل کسی کرتوت کی بنا پر ہوتا ہے۔

جادو کے ذریعہ لڑکیوں کے رشتوں کی بندش کر دی جاتی ہے۔ اس کے بعد قابل قبول لڑکیوں کے بھی پیغامات آنے بند ہو جاتے ہیں بلکہ لگے لگائے رشتے بھی ٹوٹ جاتے ہیں۔ اور رشتے داروں میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔ جادو جانوروں پر بھی کیا جاتا ہے۔ اور جادو سے متاثر ہونے کے بعد گائے، بھینس، بکریاں جو دودھ دینے میں بے مثال ہوتی ہیں۔ اچانک دودھ سے بھاگ جاتی ہیں اور ان کے تھنوں میں دودھ سوکھ جاتا ہے۔ فاسق وفاجر لوگ کمسن بچوں پر بھی سحر کرا دیتے ہیں۔ اس طرح بچے سحر کی لپیٹ میں آ کر سوکھ کر مر جاتے ہیں۔ جادو کے ذریعہ عورتوں کی کوکھ بندی کر دی جاتی ہے۔ کوکھ بندھ جانے کے بعد حمل قرار نہیں پاتا۔ جادو کے ذریعہ "عقدِ فرج" کر دی جاتی ہے۔ اور اس کے بعد مرد عورت کے قابل نہیں رہتا۔ اس کی رجولیت اور مردانگی تقریباً ختم ہو جاتی ہے۔ جادو کے ذریعہ روزگار کی بندش کر دی جاتی ہے۔ انسان جہاں بھی جاتا ہے اُسے ناکامی ہوتی ہے۔ اور اگر روزگار لگ جاتا ہے تو اس میں خیر وبرکت نہیں ہوتی۔ جادو کے ذریعہ خاندان کے خاندان تباہ وبرباد کر دیئے جاتے ہیں۔ گھروں کا سکون ختم ہو جاتا ہے۔ باہمی تعلقات نفرت اور عداوت میں بدل جاتے ہیں۔ زندگیاں ناسور بن کر رہ جاتی ہیں۔ ہر وقت تناتنی اور کشا

کشی کا ماحول بنا رہتا ہے۔

جادو کے ذریعہ چہرے بھی بگاڑ دیئے جاتے ہیں۔ اور قدرتی حسن کو پامال کر دیا جاتا ہے۔ اور بہت سے نقصانات جادو کے ذریعہ اللہ کے بندوں کو پہنچائے جاتے ہیں۔ اور ان کی زندگیوں میں زہر گھول دیا جاتا ہے۔ اور یہ ظلم و ستم کسی ایک علاقے کی کہانی نہیں ہے بلکہ کسی جگہ بھی چلے جائیں آپ کو سفلی عمل اور جادو ٹونے اور چوکیاں اور ہانڈیاں چھوڑنے کے واقعات سننے کو مل جائیں گے۔ جادو کے ذریعہ کسی کو قتل کرنا کسی کے کاروبار کو تباہ برباد کرنا کسی کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنا کسی کو اس کے جائز مقام سے محروم کرنا یا کسی کو بیماری میں مبتلا کر دینا وغیرہ جیسے تمام کام کبیرہ گناہ میں شامل ہیں۔ بلکہ ان کا تعلق کسی نہ کسی درجے میں کفر و شرک سے جڑا ہوا ہے۔ جادو کرنا یا کرانا قطعاً حرام ہیں۔ اور ایسے لوگ آخرت میں اللہ کی باز پرس سے نہیں بچ سکتے۔ زنا چوری ڈکیتی شراب نوشی سود خوری ماں باپ کی نافرمانی کرنا جیسے قبیح کاموں سے بھی بدتر ہے کسی پر جادو کرنا یا کرانا۔ جب سے خوف خداوندی اور فکر احتساب آخرت کا جوہر مسلمانوں میں عنقا ہوا ہے۔ تب سے ایسی نازیبا حرکتیں اور اس طرح کے کالے کرتوت دل کھول کر ہونے لگے ہیں۔ اور اس طرح ظلم و ستم کا سلسلہ پورے معاشرے میں آندھی اور طوفان کی طرح پھیل گیا ہے۔ جادو کی ستم نوازیوں اور سفلی عمل کی چیرہ دستیوں سے نمٹنے کے لیے اور جادو ٹونے کے اثرات کو رفع کرنے کے لیے ہم نے "باب ردسحر" قائم کر کے سو ایسے طریقے منتخب کر کے اپنے ناظرین کے لیے نقل کیے ہیں کہ جن کو "صنم خانہ عملیات" کا خاص الخاص سرمایہ کہا جا سکتا ہے۔ ان روحانی فارمولوں میں بعض فارمولے تو ایسے ہیں جو آپ کی نظروں سے پہلے بھی گزرے ہونگے۔ بعض فارمولے ایسے ہیں جنہیں آپ پہلی بار پڑھیں گے اور بعض فارمولے ایسے بھی ہیں جنہیں کوئی عامل لاکھوں روپے لے کر بھی عطا کرنے کے لیے تیار نہ ہوتا۔ لیکن ہم نے خدمت خلق کے ارادے سے اور حصول رضاء خداوندی کی نیت سے ہدیہ ناظرین کر دیئے ہیں۔ درخواست یہ ہے کہ پڑھنے والے ان گرانقدر روحانی فارمولوں سے فائدہ اُٹھاتے وقت راقم الحروف کو اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد رکھیں گے اور اللہ کے بندوں کو جادو ٹونے کی اذیت ناک آفتوں سے نجات کی مومنانہ جدوجہد کریں گے۔ ان میں اکثر فارمولے تو وہ ہیں جو اُن عاملین کے لیے پیش کئے گئے ہیں جو روحانی عملیات کے ذریعہ خلق کی خدمت میں مصروف ہیں اور ان میں بعض فارمولے ایسے بھی ہیں کہ جن کے ذریعہ ہر پڑھنے والا اپنا اور اپنے گھر والوں کا علاج کر سکتا ہے۔ یاد رکھیں کہ اجازت کسی باضابطہ عامل سے اس وقت لینی ضروری ہے جب یہ کام بحیثیت عامل دوسروں کے لیے انسان کرنے کا ارادہ کرے۔ اگر صرف اپنی ذات یا اپنے گھر کی دہلیز کے اندر رہنے والے افراد کے لیے کسی عمل کو کرنے کی ضرورت پڑے تو اجازت لینی ضروری نہیں ہے۔ پھر بھی احتیاط اس میں ہے کہ جن عملیات کی اجازت عام نہ ہو۔ انہیں کرنے سے پہلے آپ کسی روحانی راہنما سے رجوع کر لیں اور اپنی جان کو ضیق میں نہ ڈالیں۔ لیجئے آپ ان طریقوں پر نظر ڈالیں جو آپ کے لیے سونے چاندی کی دولت سے کہیں زیادہ قیمتی ہیں۔

**طریقہ نمبر 1:** اگر کسی پر جادو کر دیا جائے تو اس کو دفع کرنے کے لیے سو مرتبہ روزانہ سورۂ فلق اور سو بار روزانہ سورۂ ناس پڑھے۔ لگاتار چالیس دن تک یہ دونوں سورتیں قرآن حکیم کی آخری سورتیں ہیں اور یہ اس وقت نازل ہوئی تھیں۔ جب ایک یہودی نے فخر دو عالم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا تھا۔ اور آپ اس جادو کی اثر سے متاثر ہو کر بیمار ہو گئے تھے۔ اس وقت فرشتوں نے آ کر صحیح راہنمائی کی اور باذن اللہ اس جادو کا توڑ بتایا اور بتایا کہ اس جادو کی چیزیں کس کنوئیں میں ڈالی گئی ہیں۔ اگر روز پڑھنا مشکل ہو تو پھر ان دونوں سورتوں کو تین سو تین سو مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور چالیس دن تک یہ پانی صبح و شام جادو زدہ کو پلایا جائے۔ ان سورتوں کے نقش اکابرین سے دونوں طرح منقول ہوتے چلے آ رہے ہیں۔ لفظی بھی اور عددی بھی۔ لفظی نقش یہ ہیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

نقش سورۂ فلق

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل اعوذ | برب الفلق | من شر ما خلق | ومن شر |
| غاسق | اذا | وقب | ومن |
| شر | النفثت | فی العقد | ومن |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

| | | | |
|---|---|---|---|
| شر | حاسد | اذا | حسد |

نقش سورۂ ناس

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل اعوذ برب الناس | ملک الناس | الٰہ الناس | من شر الوسواس الخناس |
| ملک الناس | الٰہ الناس | من شر الوسواس الخناس | الذی یوسوس |
| الٰہ الناس | من شر الوسواس الخناس | الذی یوسوس | فی صدور الناس |
| من شر الوسواس الخناس | الذی یوسوس | فی صدور الناس | من الجنۃ والناس |

عددی نقش یہ ہیں:-

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۶۱ | ۲۱۷۵ | ۲۱۷۲ | ۲۱۶۹ |
| ۲۱۷۳ | ۲۱۶۸ | ۲۱۶۲ | ۲۱۷۴ |
| ۲۱۶۷ | ۲۱۷۰ | ۲۱۷۷ | ۲۱۶۳ |
| ۲۱۷۶ | ۲۱۶۴ | ۲۱۶۶ | ۲۱۷۱ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۱۶ | ۱۳۳۰ | ۱۳۲۷ | ۱۳۲۳ |
| ۱۳۲۸ | ۱۳۲۲ | ۱۳۱۷ | ۱۳۲۹ |
| ۱۳۲۱ | ۱۳۲۵ | ۱۳۳۲ | ۱۳۱۸ |
| ۱۳۳۱ | ۱۳۱۹ | ۱۳۲۰ | ۱۳۲۶ |

جادوزدہ انسان کے لیے ان میں سے کوئی بھی لفظی یا عددی نقش بنا کر دائیں یا بائیں بازو پر باندھیں اور ان دونوں نقوش کا مجموعی نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور یہ تینوں نقش موم جامے کے بعد کالے کپڑے میں پیک کریں۔ اور ڈورا بھی کالا ہی استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ چالیس دن کے اندر اندر جادو کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

دونوں کا عددی نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۴۸۵ | ۳۴۹۹ | ۳۴۹۶ | ۳۴۹۳ |
| ۳۴۹۷ | ۳۴۹۲ | ۳۴۸۶ | ۳۴۹۸ |
| ۳۴۹۱ | ۳۴۹۴ | ۳۵۰۱ | ۳۴۸۷ |
| ۳۵۰۰ | ۳۴۸۸ | ۳۴۹۰ | ۳۴۹۵ |

**طریقہ نمبر 2:** قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کر کے جادوزدہ انسان کی آنکھوں، کانوں، ناک اور بیسوں ناخنوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ ایک ہی دن میں جادو کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔ ان دونوں سورتوں کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو اثر انگیزی میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ دونوں ہی سورتوں کو چالیس مرتبہ روزانہ ۴۱ دن تک پڑھیں۔ پہلے دن اور اکتالیسویں دن روزہ رکھیں اور ۴۱ ویں دن ۳ غریبوں کو کھانا اپنے ساتھ افطار کے وقت کھلائیں۔ ان تینوں غریبوں سے اپنا خونی رشتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ہو گی اور پھر حسب ضرورت یہ سورتیں برائے مسحور پڑھی جائیں گی تو فوراً ان کا اثر سامنے آئے گا۔

**طریقہ نمبر3:** جادو اُتارنے کا یہ طریقہ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ سے منقول ہے۔ اور بے حد موثر اور تیر بہدف ہے۔ ایک کورے گھڑے میں سات کنوؤں کا تازہ پانی بھر کر اس پر قرآن حکیم کی یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو اس سے گیارہ دن تک غسل کرائیں۔ انشاء اللہ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ بے حد مجرب ہے۔ اگر سات کنوؤں کا پانی دستیاب ہونا مشکل ہو تو سات مسجدوں کا پانی بشرطیکہ مسجدیں حوض والی ہوں یا بڑے والی ہوں لے لیں۔ یہ بھی مشکل ہو تو چھ مسجدوں کا پانی لے کر اس میں ایک کنوئیں کا پانی بھی شامل کر لیں۔ تب بھی انشاء اللہ مفید رہے گا۔

آیت قرآنی یہ ہیں۔ **فلما القو قال موسی ماجئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ' ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین ط و یحق اللہ الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون (سورہ یونس آیت نمبر ۸۲'۸۱ سپارہ نمبر ۱۱) فوقع الحق وبطل ما کانوں یعملون فغلبو ھنالك وانقلبو صغرینط والقی السحرۃ السجدین ط قالو امنا برب العلمینط رب موسی و ھارون ط سورہ**

**اعراف آیت نمبر ۱۱۸، ۱۱۹، ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۲۲ سپارہ نمبر ۹) انما صنعوا کید ساحر و لا یفلح الساحر حیث اتی** (سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۶۹ سپارہ نمبر ۱۶)۔

### اول بیان آواز زاغ

بروقت صبح کے جائے پاک اور صاف میں زاغ پورب کی طرف منہ کئے بیٹھا ہو اور آواز تین مرتبہ زیادہ نہ دے تو نہایت خوشی اس کو ہو اور کچھ روپیہ بلا محنت اس کو ملے اور اگر بروز اتوار زاغ اوپر مکان صاف کے بولے تو اس کا عزیز باہر گیا ہو۔ خوش و خرم جلد اپنے گھر کو آوے اور اگر منہ پچھم کی طرف کئے بیٹھا ہو تو اس کو کچھ صدمہ جانب اولاد سے پہنچے۔ اور اگر منہ طرف اتر گئے ہو اور جگہ خراب ہو تو یقین ہے کہ وہ شخص قید ہو جاوے۔ اور اگر منہ طرف دکھن کے کئے بیٹھا ہو تو اولاد ہو اور فرزند نرینہ پیدا ہو نہایت بالیاقت۔

## بیان چھینک

بیٹھا ہو۔ تو اولاد ہو اور فرزند نرینہ پیدا ہو نہایت بالیاقت۔

اکثر لوگ چھینک کو نہیں مانتے برا کرتے ہیں۔ وقت آدھی رات کے چھینک نہ اچھی ہے نہ بری۔

---

مگر جانور کی چھینک رات کو مانی جاتی ہے آدمی اور معلوم ہو کہ اگر پشت سے جانور نے چھینکا ہے۔ مثل بکری وغیرہ کے تو جس کام کو جاتا ہو نہ جائے۔ اور دن کو چھینک آدمی کی مانتے ہیں۔ اگر سامنے سے ہو یا داہنی طرف سے ہو۔ اگر لڑکے کی ہو جس کام کو جائے گا اس کا کام پورا ہو جائے۔ اگر بائیں جانب سے آواز لڑکی کی ہو۔ تو ہرگز نہ جائے کیونکہ ممانعت ہے اور اگر بڑھے آدمی کی چھینک کی آواز بائیں جانب سے آئے تو ہرگز نہ جائے اگر جائے گا تو یقین ہے کہ زندہ گھر





free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کونہ آئے گا اور جب کہ آواز چھینک کی بروقت چلنے کے آئے تو پہلے جوتا جھاڑ ڈالے۔ اور بعد اس کے تھوڑی دیر بیٹھ جائے۔ اور کچھ مانند پان وغیرہ کے کھا کے باہر جائے بخیریت اپنے گھر آویگا۔ اور جس وقت کہ چلے اپنے دم پر خیال کرے۔ اور دم چپ جاری ہو تو نہ جائے اگر جائے گا مطلب حاصل نہ ہوگا۔ لیکن اہل اسلام کے نزدیک چھینک ماننا درست نہیں ہے۔ دیگر واسطے درد گردہ کے بہت پر تاثیر ہے جب وقت زہرہ بیچ قران ثور کے نزول کرے۔ اور قمر مقارن اس کے ہو یا اتصال مقلوبلی ہو۔ سنگ سرخ وسفید لا کر اس کے تئیں بصورت گردہ تراشی۔ لیکن وزن میں سات مثقال سے زیادہ نہ ہو۔ اور ایک جانب اس گردہ کے صورت کہ ذیل میں لکھی ہے لکھے اور طول میں سوراخ کر کے ابریشم زرد ڈال کر بازو پر مریض کے باندھے۔ اگر اللہ برتر چاہے تو تمام عمر شکایت درد گردہ کی نہ کرے دیگر جو کوئی اس طلسم کو بازو پر باندھے یا گردن میں لٹکا دے ہمیشہ دشمن پر فتح یاب رہے۔ تجارت سے فائدہ مند ہے اقبال غلام دولت گھر کی



لونڈی ہو۔ اور تمام بلیات سے محفوظ رہے طلا ونقرہ مساوی برمقدار مثقال کے لا کر دونوں کو یک جا گلا دے۔ اور یہ شکل موافق نقشہ ذیل کے بناوے مگر جس وقت زہرہ برج ثور میں اور قمر برج سرطان میں ہو شکل مذکورہ کو تیار کرے اور جو کچھ کہ وقت اعداد لکھے ہیں۔ اور زہرہ با زہرہ انفصال مطلوبی رکھتا ہو بریشم سبز ڈال کر گرن میں باندھے۔ دیگر

یہ طلسم منسوب طرف آفتاب کے ہے۔ فائدہ اس کا یہ ہے جو اس کو بازو پر باندھے بادشاہ عالی مقدار و حکام باوقار کی آنکھ میں با افتخار معلوم ہو۔ بلکہ تمام خلائق کی آنکھ میں برگزیدہ معلوم ہو۔ اور جو بادشاہ اور حاکم



سے کہے وہی کرے۔ جس وقت آفتاب بدرجہ نو برج حمل میں ہو کہ عبارت شرف آفتاب سے ہے۔ طلائے خالص انیس مثقال لا کر بازو بند بناویں۔ بصورت انگشتری کے نگینہ اس کا بھی طلائی ہو۔ منجملہ انیس مثقال کے اس نگینے پر نقش کو تفصیل ذیل میں لکھ کر کندہ کرائے اور چاہیے کہ شروع اس عمل کا وقت داخل ہونے آفتاب کے بیچ درجہ اول کے اور انجام تیاری آخر درجہ نوزدہم ہو۔ اور جب یہ بازو بند تیار ہو۔



رکھ چھوڑے۔ اور جب قمر آفتاب سے متصل ہو اس بازو بند کو

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

باندھے۔ نظر میں بادشاہ امیر و فقیر کی ممتاز معلوم ہو۔ اور انیس مثقال سے کم زیادہ نہ ہونے پاوے۔

دیگر۔ یہ طلسم منسوب طرف مریخ کے ہے۔ اور خواص اس کا یہ ہے کہ جس کے پاس ہو۔ شجاع اور بہادر اس کو کرے۔ دشمن کے اوپر ہمیشہ غالب رہے اور گزندہ جانور سے محفوظ رہے۔ جس وقت نزول مریخ برج جدی میں ہو۔ اور قمر برج عقرب سے متصل ہو۔ فولاد عمدہ پانچ مثقال کی انگوٹھی تیار کرائے اور نگینہ بھی اس کا فولاد سے ہو۔ اور مربع ہو۔ اس صورت کو نگینے پر کندہ کرائے۔ رکھنے والا انگوٹھی کا مرض لقوہ قولنج درعشہ و جمیع امراض بلغمی سے تمام عمر محفوظ رہے۔

صورت اس کی یہ ہے

دیگر یہ طلسم واسطے دفع سانپ و دفع زہر سانپ کے بہت سریع التاثیر ہے جس اس صورت کو رکھیں سانپ وہاں سے بھاگ جائیں جس کسی کو سانپ نے کاٹا ہو فی الفور اس صورت کو باندھے زہر دفع ہو جائے جس وقت کہ قمر پنج درجہ درجات نصف آخر قوس کے نزول کرے اور برج قوس طالع ہو پس فولاد آہن یا پتھر پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے۔


# باؤنڈ ریس اور لاٹری کے نمبر

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے۔

اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، سناعات، جفر، استخارے، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے عام قاری بھی اس کے قواعد کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔

قیمت 100 روپے علاوہ محصول ڈاک


## بقیہ | سرطان

خوش رکھنا چاہتے ہیں تو اس کے میکے کے متعلق کوئی غلط بات مت کہیے گا۔

### سرطان عورت جدی مرد

آپ کے میاں کسی حد تک سنجیدہ و غیر جذباتی ہیں۔ اگر آپ ان کے آئیڈیل ازم پر پوری اتر رہی ہیں تو وہ ساری عمر آپ سے الگ نہیں ہوں گے۔ جدی کم گو اولو العزم اور کفایت شعار شریک حیات ہیں۔ آپ دونوں مل کر زندگی کو بہت خوبصورت گزار سکتے ہیں۔

### برج سرطان برج دلو کے ساتھ

### سرطان مرد دلو عورت

سرطان صاحب ہمہ وقت بدلتے موسموں کو خوش آمدید کہنے کو تیار رہیے آپ کی زوجہ تو قوس قزح ہے۔ وہ آپ سے مستحکم مستقبل کی آرزومند ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو جھوٹی تسلی کی بجائے سچ سے کام لیں دلو بہت فراخدل ہے۔ دلو حاسد نہیں ہے لیکن آپ کا شکی نہ ہونا اچھی زندگی گزارنے کا باعث ہوگا۔

### سرطان عورت دلو مرد

دلو کی تصوراتی دنیا آپ کی عملی دنیا سے ٹکرا تو سکتی ہے لیکن کچھ وقت گزارنے کے بعد آپ کو اندازہ ہوگا کہ دلو میاں دس سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اس لئے ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ خواب عملی جامہ پہن کر زندگی سہل بنائیں۔

### برج سرطان برج حوت کے ساتھ

### سرطان مرد حوت عورت

حوت بیوی آپ کے لئے بہت موزوں ہے۔ گھر پر آپ کی حاکمیت اسے قطعاً پریشان نہیں کرتی۔ حوت کا دلکش صورت کے ساتھ خوبصورت ذہن عملی میدان میں سرطان کی ترقی کے لئے کوشاں رہتا ہے۔ حوت آپ کی عزت کا محافظ ہے۔ آپ کی محبت اور حوصلہ افزائی اسے حیات نو بخشتی ہے۔

### سرطان عورت حوت مرد

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو حوت خاوند ملا۔ حوت پُرخلوص اور باعمل ہے خوبصورت اور آرام دہ گھر ان کی کمزوری ہے۔ اگر آپ انہیں ذہنی و روحانی سکون پہنچا سکیں تو یہ ہر لحاظ سے آپ کو خوش رکھتے اور تحفے وغیرہ دیتے رہتے ہیں۔ اس طرح آپ مل کر زندگی کی گاڑی کو کامیابی سے چلاتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com

قسط نمبر ۲

# ازواج مطہرات

دوسرے روایت میں یہ لفظ بھی ہیں۔ یہ تمھاری بیوی ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں جب سے مجھے یہ معلوم ہوا کہ میں جنت میں سرکار ابد قرار ﷺ کی زوجہ ہوں تو میں ہر قسم کے غم سے بے نیاز ہوگئی۔

**سیدہ کا نکاح:** حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میرے پاس حضرت جبرائیلؑ آئے اور پیغام سنایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عائشہ بنت ابوبکرؓ کا نکاح آپ ﷺ سے فرمادیا ہے ان کے پاس حضرت عائشہ صدیقہؓ کی ایک تصویر تھی۔

آپ کا نکاح مدینہ طیبہ میں چھ سال کی عمر میں ماہ شوال میں ہوا اور ماہ شوال میں نو سال کی عمر میں حضور سید عالم ﷺ کی خدمت میں حاضری ہوئی۔ پھر حضور ﷺ کی خدمت میں نو سال تک رہیں۔ جب سید عالم ﷺ نے وصال فرمایا تو اس وقت آپ کی عمر اٹھارہ سال تھی۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ ماہ شوال میں شادی کی تقریب زیادہ پسند کرتی تھیں اور فرماتی تھیں۔ میرا نکاح بھی اور رخصتی بھی شوال میں ہوئے اور مجھ سے زیادہ خوش قسمت شوہر کے نزدیک کوئی نہیں۔

کسی زمانے میں شوال میں طاعون کی وبا پھیلنے کے باعث لوگ اس مہینہ کو منحوس سمجھتے تھے۔ ان کے ان اوہام باطلہ کو دور فرمانے کے لئے رحمت العلمین ﷺ نے اس مہینہ میں نکاح کرنا اور رخصت کرانے کا چاہا۔

**حبیبہء حبیب خدا:** حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے اعظم فضائل و مناقب میں سے ان کے لئے حضور تاجدار مدینہ ﷺ کا بہت زیادہ محبت فرمانا ہے۔ سیدہ عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ رسول ﷺ اپنی نعلین مبارک میں پیوند لگا رہے تھے جبکہ میں چرخہ کات رہی تھی۔ میں نے حضور اکرم ﷺ کے چہرہ پرنور کو دیکھا کہ آپ کی پیشانی مبارک سے پسینہ بہہ رہا تھا اور اس پسینہ میں آپ کے جمال میں ایسی تابانی تھی کہ میں حیران تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے میری طرف نگاہ کرم اٹھا کر فرمایا کس بات پر حیران ہو؟ سیدہ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ کے رخ روشن اور پسینہ جبین نے مجھے حیران کر دیا ہے اس پر حضور اکرم ﷺ کھڑے ہوئے اور میرے پاس آئے اور میری دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور فرمایا اے عائشہ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے تم اتنا مجھ سے لطف اندوز نہیں ہوئی جتنا تم نے مجھے مسرور کر دیا۔

حضور اکرمؐ نے سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا "اے فاطمہ جس سے میں محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو گی؟ سیدہ فاطمہ زہرہؓ نے عرض کیا، ضرور یا رسول اللہ میں محبت رکھوں گی۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تم عائشہ سے محبت رکھو۔

حضرت عمار بن یاسرؓ سے منقول ہے کہ انھوں نے کسی کو سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے بارے میں بدگوئی کرتے سنا تو حضرت عمارؓ نے فرمایا او ذلیل و خوار خاموش رہ، کیا تو اللہ عزوجل کے رسول ﷺ کی محبوبہ پر بدگوئی کرتا ہے۔

## حضرت مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذوق

**روایت:** حضرت مسروقؓ اکابر تابعین میں سے ہیں جب سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے روایت کرتے فرمایا کرتے حدثنی الصدیقۃ بنت الصدیق حبیبۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھ سے حدیث بیان کی صدیقہ بیٹی صدیق کی محبوبہ رسول ﷺ نے یا کبھی اس طرح حدیث

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

بیان کرتے حبیبۃ حبیب اللہ امرأۃ من السماء اللہ کے حبیب کی محبوبہ آسمانی بیوی۔

**سیدہ کا ناز و نیاز:** سیدہ عائشہ صدیقہؓ کو محبوب کائنات ﷺ کے ساتھ گفتگو کرنے کی بہت قدرت تھی اور وہ جو چاہتیں بلا جھجک عرض کر دیتی تھیں اور یہ اس قرب و محبت کی وجہ سے تھی جو ان کے مابین تھی۔

سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ وہ فرماتی ہیں کہ ایک دن رسول ﷺ میرے پاس تشریف لائے میں اپنی گڑیاں گھر کے ایک دریچہ میں رکھ کر اس پر پردہ ڈالے رکھتی تھی۔ سرکار ﷺ کے ساتھ حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ انھوں نے دریچہ کے پردہ کو اٹھایا اور گڑیاں حضور ﷺ کو دکھائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا یہ سب کیا ہیں۔ میں نے عرض کیا یہ میری بیٹیاں ہیں یعنی یہ میری گڑیاں ہیں۔ ان گڑیوں میں ایک گھوڑا ملاحظہ فرمایا جس کے دو بازو تھے۔ فرمایا کیا گھوڑوں کے بھی بازو ہوتے ہیں۔ آپؓ نے عرض کیا شاید حضور اکرم ﷺ نے نہیں سنا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے گھوڑے تھے اور ان کے بازو تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے اس پر اتنا تبسم فرمایا کہ آپ ﷺ کے دندانہائے مبارک کشادہ ہو گئے۔

ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کوئی شخص جنت میں داخل نہ ہوگا مگر حق تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل سے۔ سیدہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ بھی جنت میں داخل نہ ہوں گے مگر خدا کی رحمت سے فرمایا ہاں میں بھی داخل نہ ہوں گا مگر یہ کہ مجھے حق تعالیٰ نے اپنی رحمت میں چھپالیا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ ایک دن حضور پر نور سید عالم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ سیدہ عائشہ صدیقہؓ کو نبی کریمؐ کے ساتھ بڑی فراخی سے باتیں کرتے ہوئے ملاحظہ فرمایا حضرت صدیق اکبرؓ نے سیدہ سے فرمایا بیٹی آپ ﷺ سے ہمیشہ نیاز مندی اختیار کرو۔ جب حضرت صدیق اکبرؓ وہاں سے چلے آئے تو حضور سید عالمؐ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ کو ان کی رضا کے مطابق گفتگو کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔ اسی اثنا میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کا پھر آنا ہوا تو سید عالمؐ اور حضرت سیدہ عائشہؓ کو بہت خوش پایا تو آپ بھی بہت خوش ہوئے۔

ایک دفعہ کسی بات پر طرفین کے درمیان شکر رنجی ہوئے تو صدیق اکبرؓ کو بلایا گیا۔ انھوں نے حضورؐ سے اتنی سی بات کو بھی ناپسند کیا اور سیدہ عائشہ صدیقہؓ کو سختی سے ہدایت فرمانے لگے۔ حضورؐ نے فرمایا آپ جائیے یہ ہمارا اپنا معاملہ ہے اور مسکرا دیئے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ حضور پر نور شافع یوم النشور ﷺ نے فرمایا کہ جب کبھی تم مجھ سے راضی ہوتی ہو تو میں جان لیتا ہوں اور جب کبھی تم مجھ سے خفا ہوتی ہو تو بھی جان لیتا ہوں۔ میں نے عرض کیا آپ کہاں سے پہچانتے تھے فرمایا جب تم ہم سے خوش ہوتیں تو کہتی محمد مصطفےٰ ﷺ کے رب عزوجل کی قسم اور جب تم ہم سے خفا ہوتی تو کہتی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے رب کی قسم۔ میں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہؐ میں صرف آپ کا نام ہی چھوڑتی تھی۔ مطلب یہ کہ اس حال میں صرف آپ کا نام نہیں لیتی لیکن آپ کی ذات گرامی اور آپ کی یاد میرے دل میں اور میری جان آپ کی محبت میں مستغرق ہے۔

**تفقہ فی الدین:** سیدہ عائشہ صدیقہؓ فقہا و علماء و فصحاء بلغاء اکابر صحابہ میں سے تھیں۔ اور حدیثوں میں آیا ہے کہ نکال دیں تم اپنے دو تہائی دین کو ان حمیراء یعنی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حاصل کرو۔ عروہ بن زبیرؓ سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ میں نے کسی کو معانی قرآن احکام حلال و حرام اشعار عرب اور علم انساب میں حضرت عائشہ صدیقہؓ سے زیادہ عالم نہیں دیکھا۔

حضرت ابوموسیٰؓ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور اکرم ﷺ کی کسی حدیث پاک سمجھنے اور کسی دوسرے مسئلہ کے سمجھنے میں اگر کوئی مشکل پیش آتی تو ہم ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے دریافت کرتے تو آپ اس مشکل کو حل فرما دیتیں کیونکہ آپ بڑی عالمہ تھیں۔

**ایمان افروز تدبیر:** ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں سخت قحط پڑا بارش نہ ہونے پر لوگ پریشانی کے عالم میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے ام المومنین بارش نہیں ہوئی قحط پڑ گیا ہے۔ ہم آپ کے پاس حاضر ہوئے ہیں۔ فرمائیں کیا کیا جائے۔ سیدہ نے فرمایا۔ حضور اکرم کی قبر انور پر جاؤ اور قبر انور کے حجرہ مبارکہ کی چھت سے چند جگہ سے مٹی نکال کر روشندان بناؤ تا کہ قبر شریف اور آسمان کے مابین کوئی پردہ نہ رہے اور آسمان قبر شریف کو نظر آنے لگے۔ آسمان جب قبر انور کو دیکھے گا تو رونے لگے گا

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اور بارش ہونے لگے گی۔ ام المومنین کی اس تدبیر پر صحابہ کرام علیہم اجمعین نے عمل کیا اور روضہ انور کی چھت میں کچھ روشندان بنائے تو آسمان کو قبر انور نظر آنے لگی تو بارش شروع ہوگئی اور اتنی بارش ہوئی کہ گھاس اگ آئی۔ اونٹ موٹے ہوگئے اور ان میں اتنی چربی اور گوشت پیدا ہوگیا۔ گویا وہ موٹاپے سے پھٹنے لگے۔ اس سال کا نام سال ارزانی رکھا گیا۔

**برکات آل ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ:** ایک سفر میں سیدہ عائشہ صدیقہؓ کا ہار مدینہ طیبہ کے قریب کسی منزل میں گم ہوگیا۔ سرکار مدینہ ﷺ نے اس منزل میں پڑاؤ ڈالا تاکہ ہار مل جائے۔ نہ منزل میں پانی تھا نہ ہی لوگوں کے پاس، نماز کا وقت فوت ہونے کے قریب لوگ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس سیدہؓ کی شکایت لائے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ سیدہ صدیقہؓ کے پاس تشریف لائے۔ دیکھا کہ راحت العاشقین ﷺ سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی آغوش میں اپنا سر مبارک رکھ کر آرام فرما رہے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے سیدہ پر سختی کا اظہار کیا لیکن سیدہ نے اپنے آپ کو جنبش سے باز رکھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ سرکار دو عالم کی چشمان مبارک خواب سے بیدار ہو جائیں چنانچہ صبح ہوگئی اور نماز کے لئے پانی عدم دستیاب۔ اس وقت اللہ جل شانہ نے اپنے لطف و کرم سے آیت تیمم نازل فرمائی اور لشکر اسلام نے صبح کی نماز تیمم کے ساتھ ادا کی حضرت اسید بن حضیرؓ نے فرمایا ملکی پاؤں بر قسم یا ال ابی بکر اے اولاد ابوبکرؓ یہ تمھاری پہلی برکت نہیں ہے۔ مطلب یہ کہ مسلمانوں کو تمھاری بہت سی برکتیں پہنچی ہیں سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اس کے بعد جب اونٹ اٹھایا گیا تو ہار اونٹ کے نیچے سے مل گیا گویا حکمت الٰہی عزوجل یہی تھی کہ مسلمان کے لئے آسانی اور سہولت مہیا کی جائے۔

**ارفع شان:** ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ بہ نسبت دیگر عورتیں کے مجھے چند امتیازی خصوصیتیں حاصل ہیں۔ شکم مادر میں میری تصویر بننے سے قبل حضور اکرم کو میری صورت دکھائی گئی۔ مجھے حضورؐ نے سب سے زیادہ پیار عطا فرمایا اللہ تعالی نے قرآن کریم میں میری برات کا اعلان فرمایا۔ نیز فرماتی ہیں حضور اکرم کا وصال میرے گھر میں اور میری باری میں ہوا۔ بوقت وصال آپ میرے سینہ اور گردن سے تکیہ لگائے ہوئے تھے اور سب سے بڑی نعمت جس سے اللہ تعالی نے مجھے نوازا وہ یہ کہ وصال کے وقت میرا لعاب دھن اور حضور اکرم کا لعاب دہن شریف جمع فرمادیا۔ جب میرے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ تشریف لائے ان کے ہاتھ میں مسواک تھی۔ تاجدار مدینہ ﷺ میرے جسم سے تکیہ لگائے ہوئے تھے سرکارؐ نے مسواک کی طرف دیکھا میں نے سمجھا کہ حضور ﷺ کو مسواک پسند ہے لہذا میں نے عرض کیا آپ کے لئے مسواک لوں۔ حضورؐ نے سر انور سے ہاں کا اشارہ فرمایا۔ میں نے مسواک لے کر حضور کو دی۔ حضور نے دھن مبارک میں ڈالا تو وہ سخت تھی میں نے عرض کی اسے نرم کر دوں؟ فرمایا ہاں۔ میں نے مسواک اپنے منہ سے چبا کر اسے نرم کر کے حضور ﷺ کو دی اور آپ نے اپنے منہ میں ڈال لی۔ اس طرح میرا لعاب اور لعاب سرور دو جہاں جمع ہوگئے۔

**خلیفۃ المسلمینؓ کے ایمان افروز اقوال:** سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی برات میں حضرت سیدنا عمر فاروق اعظمؓ فرماتے ہیں۔ ام المومنین پر افتراء کرنے والے منافق اور جھوٹے ہیں اس لیے کہ اللہ تعالی نے آپؐ کے جسم انور پر مکھی بیٹھنے سے محفوظ رکھا کیونکہ وہ نجاست پر بیٹھتی ہے پھر آپ کو ایسے اتہام سے کیونکہ محفوظ نہ فرماتا۔

سیدنا حضرت عثمان غنیؓ فرماتے ہیں اللہ تعالی نے آپ کے سائے کو زمین پر نہیں پڑنے دیا تاکہ کسی کا پاؤں آپؐ کے سایہ پر نہ پڑ جائے تو آپ کی آبرو کی حفاظت کیوں نہ فرماتا۔

سیدنا حضرت علیؓ فرماتے ہیں آپ کے نعلین شریف کو جب آلودگی لگی تو حضرت جبرائیلؑ آکر مطلع فرمائیں اگر ایسی بات ہوتی تو حضرت عائشہ صدیقہؓ کو الگ کر دینے کا حکم بھی نازل ہوجاتا۔

**انفاق فی سبیل اللہ عزوجل:** سیدہ صدیقہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا اے عائشہ اگر تم چاہتی ہو کہ جنت میں میرے ساتھ رہو تو تمہیں چاہیے کہ دنیا میں اس طرح رہو جس طرح کہ راہ چلتا مسافر ہوتا ہے کہ وہ کسی کپڑے کو پرانا نہیں سمجھتا جب تک وہ پیوند کے قابل ہے اور وہ اس میں پیوند لگاتا ہے۔

جاری ہے

# برج سرطان

از: سمعیہ اسحاق راٹھور۔

| | |
|---|---|
| عرصہ | 22 جون تا 22 جولائی |
| حروف | ح، ھ |
| حاکم کوکب | قمر |
| عنصر | آبی |
| ماہیت | منقلب |
| حصہ جسم | انتڑیاں |
| موافق نگینہ | موتی۔ حجر القمر |
| موافق دن | پیر |
| موافق نمبر | 2 |
| موافق رنگ | سبز، دودھیا، سفید، نیلا |
| موافق پھول | گل سوسن |
| موافق شریک کار | جدی |
| موافق افراد | ثور، سنبلہ |
| ناموافق افراد | حمل، میزان |
| بائیو کیمک نمک | کلکیر یا فلور |

## ظاہری شخصیت

برج سرطان کے حامل افراد کی شخصیت کو سمجھنا آسان کام نہیں ہے۔ یہ اپنے موڈ کے غلام ہوتے ہیں ایک لمحہ خوش گپیوں میں مگن تو دوسرے لمحے الگ تھلگ اداس ہو کر بیٹھ رہیں گے۔ ان کا چہرہ اور باتیں ان کے جذبات واحساسات کی مکمل عکاسی کرتی ہیں۔ لوگوں میں گھلنا ملنا پسند کرتے ہیں دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔ ان کی گفتگو نہایت معنی خیز، مدلل اور پر مزاح ہوتی ہے۔ ان کی آسان پہچان یہ ہے کہ ایسا شخص جو آپ کو اکثر ہنستا قہقہے لگاتا نظر آئے گا۔ سمجھ لیجئے کہ وہ سرطان ہے۔ کیونکہ بعض اوقات یہ لوگ اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے کے لیے اور بعض اوقات اپنی تکلیف دکھ اور اداسی پر قابو پانے کے لئے مسکراتے اور قہقہے لگاتے رہیں گے سرطان افراد اپنے خارجی وداخلی ماحول کا بڑا عمیق اور گہرا جائزہ لیتے ہیں۔ اور پھر دوسروں کے مقابلے میں جوابی ردعمل میں پہل کر کے روحانی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اکثر سرطان لوگ وجدانی شخصیت کے مالک بھی ہوتے ہیں۔ ان کی نرم مزاجی اور فراخدلی کے باوجود بعض اوقات ان کی بظاہر کم گوئی دوسروں کی نظر میں انہیں مغرور بنا دیتی ہے۔ اس لیے لوگ ان کے قریب آنے میں ہچکچاتے ہیں حالانکہ ایسا ہوتا نہیں۔ قدرے شرمیلے ہمدرد اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔

## زندگی کے متعلق نکتہ، نظر

زندگی کے متعلق سرطان لوگ بڑے حساس ہوتے ہیں۔ برج سرطان کا سیارہ قمر ہے جس کا علامتی نشان نامکمل دائرہ ہے سرطان ہر گزرتے لمحے کو بڑی سنجیدگی سے لیتے ہیں اور گمنامی کی زندگی گزارنے کے تصور سے بھی گھبراتے ہیں ان کی احساس کمتری ان کو اس لحاظ سے فائدہ پہنچاتی ہے کہ یہ آگے آنے کے لیے بہت محنت اور قوت استعمال کرتے ہیں ذات کی تنہائیوں میں قید ہونے کی بجائے خارجی ماحول میں اپنا لوہا منوانا چاہتے ہیں۔ ہر لمحہ اپنی تشہیر پسند کرتے ہیں۔ ان کی زندگی میں یہ رویہ بہت اہم ہوتا ہے کہ لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور اصل میں یہ خود ہمیشہ لوگوں کی توجہ حاصل کر کے خوش ہوتے ہیں اس لئے بعض اوقات وہ اپنے لباس، کج بحثی اور ہر وہ بات جس پر اتفاق رائے ہو اس پر تنقید کر کے نمایاں نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تجارت کا پیشہ سرطان افراد کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ یہ کفایت شعاری اور احتیاط سے پیسہ استعمال کرتے ہیں۔ متحمل مزاج، خود اعتماد، اشیاء جمع کرنے کے شوقین اور قدرے رجائیت پسند بھی ہوتے ہیں۔ اگر سرطان افراد سعد حالت میں ہوں تو اپنی خواہش کے مطابق وہ پبلسٹی رائے عامہ تجارت وغیرہ میں شہرت پاتے ہیں۔ اور نحس حالت میں

free copy
khalidrathore.com

صرف خیالی پلاؤ پکانے والا کاہل اور سست انسان ہوتے ہیں۔

## قابل اعتماد رفیق و کشادہ دل لوگ

سرطان افراد نہایت قابل اعتماد ہوتے ہیں اور دوستوں کے دوست۔ کبھی کینہ پروری کا مظاہر نہیں کرتے دوسروں کو تکلیف دینا تو درکنار ایسی بات کرنے سے بھی باز رہتے ہیں جو آزار کا باعث بنے۔

## شہرت کی متمنی

جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا یہ لوگ خبروں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ اور ایسے کام کرتے رہنے کی کوشش کرتے ہیں جو انہیں منفرد و مقبول لگے۔ کاروباری ذہن کے مالک' نہایت پرعزم و باہمت ہوتے ہیں۔

## احساس کمتری' بزدلی اور انجانا خوف

نت نئے خوابوں کی تکمیل نہ ہونا سرطان کو ذہنی مسائل سے دوچار کر دیتا ہے۔ احساس کمتری و شکست کی ندامت بعض اوقات اسے حالات کے سامنے بزدل بنا دیتے ہیں۔ یہ سوچ کہ ناکامی کی وجہ چند عناصر قدرت یا حالات ہیں اسے انجانے خوف میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اس کا واحد حل غلطیوں پر ذمہ دار اپنے آپ کو تسلیم کرنے میں ہے۔ کیونکہ یہی جذبہ انسان میں دوبارہ اٹھ کھڑے ہونے اور اصلاح کے ساتھ ترقی کا زینہ چھونے میں مدد دیتا ہے۔

## فکر انگیز پہلو

سرطان افراد اکثر ضدی پن کا شکار رہتے ہیں۔ جان یا مفادات کی خطر مرنے مارنے پر بھی تل جاتے ہیں۔ ان کے ذہن پر جو بھوت سوار ہو جائے اس سے نجات پانا ان کے لیے مشکل ہوتا ہے۔ منفی سوچ کی صورت میں آرام دہ گھر کانٹوں بھری غار محسوس ہوتا ہے۔ اس لئے انہیں چاہیئے کہ انتقامی یا غیر صحت مندانہ خیالات کے ابھرتے ہی انہیں دبا دیں تا کہ غلط فہمیوں' پچھتاؤں اور ذہنی اذیت سے بچ سکیں۔ شہرت سرطان افراد کی ایک کمزوری ہے جو بعض اوقات انہیں مضحکہ خیز اقدامات کے ذریعے حاصل کرنی پڑتی ہے۔ ایسی صورت میں ان کے حلقہ احباب دوست و اہل خانہ وغیرہ ان سے بے زار ہو جاتے ہیں اس لئے سرطان افراد کو چاہیئے کہ اس طرح منفرد نظر آنے کی بجائے اپنی کارکردگی بہتر بنا کر شہرت کی بلندیوں کو چھونے کی کوشش کریں۔ سرطان افراد کافی حد تک خوابوں کی دنیا کے باسی ہوتے ہیں۔ عظیم الشان منصوبے تشکیل دے کر جب عملی طور پر مطمئن کارکردگی نہیں دے پاتے تو ناکامی انہیں مزید بے عمل بنا دیتی ہے۔ انہیں چاہیئے کہ خوابوں کی بجائے حقیقت کی دنیا میں دھیان دیں۔ ایک منصوبے کو مکمل کرتے دوسرا منصوبہ شروع کریں تا کہ شکست کے خوف اور گمنامی و ذہنی اذیت سے بچنا ممکن ہو۔

## سرطان خواتین

سرطان خواتین غیر یقینی کی کیفیت اور عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا رہنے کی باعث شکی اور نہایت حساس ہو جاتی ہیں۔ اس لئے انہیں لمحہ بہ لمحہ محبت کا یقین دلانا پڑتا ہے۔ زیادہ خوبصورت تو نہیں لیکن ٹھیک ٹھاک ہوتی ہیں۔ گھر میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ مال و دولت اور پر تعیش چیزوں کی ہوس اور اضافی اخراجات کے بغیر وہ گھر کو بہت اچھا ڈیکوریٹ کرتی ہیں۔ لیکن محبت کے ساتھ کسی قسم کی غلامی یا حکومت کا تاثر اسے کچھ بھی کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ ذہین اور باتونی بھی ہوتی ہیں۔ ان کی باریک بینی انہیں عملی زندگی میں کامیاب کرتی ہے۔ تعریف سننا پسند کرتی ہیں۔ شوہر کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ لیکن شادی کے بعد ہر نشیب و فراز میں وفاداری کا ثبوت دیتی ہے۔ اچھی ماں ثابت ہوتی ہیں۔ اور بچے بھی سرطان ماں سے بہت محبت کرتے ہیں۔

## سرطان مرد

کیکڑے کی طرح اپنے خیالات اور منصوبوں میں تبدیلی اور جدت پیدا کرتے رہتے ہیں۔ جب ایک مرتبہ ایک منصوبے یا خیال کو ذہن میں بسا لیتے ہیں۔ چاہے وہ محبت ہی کیوں نہ ہو پایہء تکمیل تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ اور یہ سوچ ان کے لئے ناممکن کو ممکن بنا دیتی ہے۔ اپنے جذبات سے متحرک ہوتے ہیں۔

غصے' نفرت اور محبت تینوں حالتوں میں جذبات عروج پر ہوتے ہیں۔ اگر انہیں من پسند ماحول میسر نہ آئے تو بعض سرطان روحانیت کی طرف راغب ہو جاتے ہیں۔ روحانیت سے پہلے ایک مرحلہ خود فریبی کا بھی آتا ہے جس پر اکثر نامکمل ذہنی و روحانی نشونما کے حامل سرطان تکیہ کر لیتے ہیں۔ مقابلے کی ہمت نہ ہو تو خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ ویسے عموماً یہ اپنے موڈ کے مطابق ماحول بنانے میں کامیاب رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی بذلہ سنجی انہیں لوگوں میں بہت مقبول رکھتی ہے۔ سرطان سے متعلقہ مردوں کی ماضی سے گہری دلچسپی عملی طور

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

پر بھی نظر اتی ہے۔ وہ اس دور سے متعلقہ تصاویر یا اشیاء ضرور جمع رکھتے ہیں۔ ہمدرد اور غضبناک ذہانت کے مالک ہوتے ہیں لیکن جب دشمنی پر اتر آئیں تو بدلہ لے کر چھوڑتے ہیں۔

## سرطان بچہ

سرطان بچے اپنے آپ کو ایک خول میں قید رکھتے ہیں۔ اور دوسرے انہیں ہمیشہ بڑی مشکل سے جان پاتے ہیں۔ تربیت ان کی زندگی میں عام بچوں سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ کیونکہ ان کے جذبات اور پھر ان کی اصلاح نہ ہونا مستقبل میں ذہنی پریشانیوں' احساس کمتری' بے راہ روی یا سخت طبیعت کے نتیجے کے طور پر سامنے آ سکتی ہے۔ سرطان بچے زیادہ تر تجربے سے سیکھتے ہیں۔ اور جب ایک چیز کو اس کی خوبیوں و خامیوں کے ساتھ سمجھ لیتے ہیں تو بڑوں کے لیے زیادہ پریشانی پیدا نہیں کرتے۔ سرطان بچوں کے والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان کے ساتھ دوستانہ ماحول میں وقت گزاریں تاکہ انہیں آزادی، بے خوفی اور آسانی سے اپنے دل کی بات زبان پر لانے اور دوسروں کو بتانے میں تکلیف یا ہچکچاہٹ محسوس نہ ہو۔

اپنے آپ کو اس کے لیے پراعتماد بنائیں تاکہ وہ تازہ ذہن کے ساتھ ہر پل خوشگوار گزار سکیں۔

## برج سرطان کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

## برج سرطان برج حمل کے ساتھ

### سرطان مرد حمل عورت

آپ دونوں باعمل ہیں لیکن حمل بیوی زیادہ تیز رفتار جلد باز اور مشورے کیے بغیر کام کرنے والی ہے اس پر رعب مت ڈالیں وہ آپ کو اچھے نتائج دے گی۔ اس کے منصوبوں او[illegible]ں کی تعریف کریں وہ آپ کے آرام و آسائش کا پورا خیال رکھے گی۔

### سرطان عورت حمل مرد

گھریلو و دیگر اخراجات حمل مرد کی بجائے سرطان بیوی کو اپنے ہاتھ میں رکھنے چاہئیں کیونکہ حمل مرد بہت لاپرواہ ہوتے ہیں۔ ہر چیز کو سرسری طور پر لیتے ہیں ایسے میں سرطان کا جھنجھلاہٹ کی بجائے صبر و تحمل سے کام لینا ہی بہتر ہے کیونکہ حمل کو بعد میں اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے۔ ایک دوسرے کو سمجھنا آپ کے طویل خوشگوار تعلقات کا باعث بن سکتا ہے۔

## برج سرطان برج ثور کے ساتھ

### سرطان مرد ثور عورت

آپ کی رفیقہء حیات ایک مہربان ہستی ہے۔ گھر کی خوبصورتی اور آپ کے ذاتی کام کاج میں بہت احتیاط برتتی ہے۔ بہت محبت کرنے والی بھی ہے۔ بشرطیکہ آپ کی طرف سے انہیں محبت اور تحفظ کا احساس بہم پہنچتا رہے۔

### سرطان عورت ثور مرد

بہ حیثیت سرطان بیوی آپ ثور شریک سفر کے ساتھ بہت تحفظ اور محبت بھری زندگی گزارتی ہیں۔ ثور کی خواہش کے مطابق انہیں ہر چیز وقت پر مہیا کی جائے تو وہ بہت خوش رہتی ہیں۔ جھگڑا نہ کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔

## برج سرطان برج جوزا کے ساتھ

### سرطان مرد جوزا عورت

سرطان خاوند ہوتے ہوئے آپ اپنی بیوی کی شخصیت سے متاثر ہوتے ہی ہیں لیکن غیر مستقل مزاجی اور غیر سنجیدہ طبیعت آپ کے اور اس کے درمیان حائل ہو جاتی ہے۔ عمر کے آخری حصہ میں آپ دونوں زیادہ خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

### سرطان عورت جوزا مرد

آپ کی شخصیتوں کے تضاد کو اصلاح کی ضرورت ہے سرطان کی مستقل مزاجی جوزا کی تفریحات نت نئے منصوبوں سے ٹکراتی ہے وہ ایک جاری غیر مطمئن کام کو آسانی سے چھوڑ دیتا ہے لیکن پھر بھی جوزا مرد کی ذہانت اور آپ کی سمجھداری ایک زندگی بن سکتی ہے۔

## برج سرطان برج سرطان کے ساتھ

### سرطان مرد سرطان عورت

خیالات کی یکسانیت آپ کے مابین جھگڑوں کو اٹھنے سے پہلے ہی دبا لیتی ہے۔ آپ کی بیوی کو گھر سے شدید محبت ہے وہ سمجھدار اور وفادار ترین بیوی ثابت ہوگی۔ اگر آپ اسے محبت دیں تو متوازن و پرسکون زندگی گزار سکتے ہیں۔

### سرطان عورت سرطان مرد

آپ کے رفیق حیات نہایت زیرک اور محنت سے نہ گھبرانے والے آدمی ہیں وہ آپ کی ذہنی و جسمانی سکون کا ہر طرح سے خیال رکھتے ہیں کبھی کبھی جھنجھلاہٹ وغصہ کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ لیکن گھر خوبصورت اور پرسکون دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایسا کر

free copy
khalidrathore.com

کے آپ ان کا دل جیت سکتی ہیں۔

## برج سرطان برج اسد کے ساتھ

### سرطان مرد اسد عورت

اسد بیوی گھر کی حکمرانی چاہتی ہے اس لئے زیادہ روک ٹوک نہ کریں اس کی موجودگی آپ کے لئے کامیابی ہے۔ بہ حیثیت سرطان خاوند اپنی زوجہ کی خواہشات کا احترام کریں اور ان کی پرکشش شخصیت سے فائدہ اٹھائیں۔

### سرطان عورت اسد مرد

اسد مرد آپ سے کسی قدر مردانہ کردار کی توقع رکھتے ہیں۔ انہیں گھر اور اولاد سے اتنی دلچسپی نہیں ہے۔ لیکن دوستوں کے ساتھ ملنا ملانا پسند کرتے ہیں اگر آپ اس بات کا خیال رکھیں تو جواباً آپ کے میاں آپ کو باہر کھانا کھلا کر اور تحفے دے کر خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## برج سرطان برج سنبلہ کے ساتھ

### سرطان مرد سنبلہ عورت

آپ کی سنبلہ بیوی آپ کی رفاقت کے بارے میں نہایت سنجیدہ ہے۔ اور آپ کو اپنے مخصوص معیار پر دیکھنا چاہتی ہے۔ اس کی خواہشات اس کے کہے بنا پوری کرنے کی کوشش کریں اگر اسے آپ پر ذرا سا شک ہو گیا تو وہ الگ ہو جائے گی۔

### سرطان عورت سنبلہ مرد

سنبلہ خاوند آپ کی باعمل اور سنجیدہ طبیعت کو سراہتے ہیں ان کی کم گوئی اور قدامت پرستی پر انہیں سرد مہر اور مغرور تصور نہ کریں حقیقت میں وہ بہت پر جوش ہیں سرطان زوجہ بچوں کو صاف ستھرا اور مودب بنائیں کیونکہ وہ آپ سے اسی کی توقع رکھتے ہیں۔

## برج سرطان برج میزان کے ساتھ

### سرطان مرد میزان عورت

آپ کی میزان زوجہ پرخلوص اور محبت کرنے والی تو ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کے خیالات و نظریات ہر چیز بہ شمول آپ کے بارے میں لمحہ بہ لمحہ بدلتے رہتے ہیں یہی آپ کا امتحان ہے۔ صبر و تحمل اور محبت کا رویہ رکھیں آپ دونوں کی زندگی بہت حسین و پرلطف گزرے گی۔

### سرطان عورت میزان مرد

خوابوں میں مگن رہنے کا رجحان دونوں میں ہے لیکن سرطان بیوی ہوتے ہوئے آپ کچھ حقیقت پسند اور باعمل بھی ہیں جبکہ آپ شوہر نامدار رعب دارانہ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے بارے میں خود فیصلہ بھی حقیقت پسندی یا مستقل مزاجی سے نہیں کر سکتے۔ ان کی مدد کریں اور معاشی امور اپنے ہاتھ میں ہی رکھیں۔

## برج سرطان برج عقرب کے ساتھ

### سرطان مرد عقرب عورت

آپ کی زوجہ کافی تندمزاج ہیں لیکن آپ کی محبت اور مستقل مزاجی اسے بدل سکتی ہے۔ وہ گھر کی کوئی بات باہر جانے نہیں دیتی آپ کے لباس آرام اور خوراک کا حد درجہ خیال رکھتی ہے۔

### سرطان عورت عقرب مرد

سرطان بیوی ہوتے ہوئے غصیلے عقرب کے ساتھ کبھی بھی کسی بات پر بحث مت کریں آپ کے میاں ہمیشہ کامیاب ہونا چاہتے ہیں ایسے میں آپ کی مدد اور حوصلہ افزائی سے خوش ہوتے ہیں۔ انہیں گھر میں رہنے پر مجبور مت کریں۔ کیونکہ وہ گھریلو ذمہ داریوں میں دلچسپی نہیں لینا چاہتے۔

## برج سرطان برج قوس کے ساتھ

### سرطان مرد قوس عورت

اپنی بیوی کو خوش رکھنے کے لئے سیر و تفریح پر لے جایا کریں اس کی بے دریغ باتیں آپ کو اچھے دوستوں سے محروم کر سکتی ہیں۔ گھریلو معاشیات اپنے ہاتھ میں رکھیں کیونکہ قوس پیسے کے معاملے میں لاپرواہ ہے۔

### سرطان عورت قوس مرد

آپ کو خوش ہونا چاہئے کہ آپ کے میاں بلا کے ذہین ہیں۔ وہ اپنی قوت فیصلہ پر حد درجہ بھروسہ کرتے ہیں اور آپ کی تجویز رد کر دیتے ہیں پریشان نہ ہوں انسان غلطیوں سے ہی سیکھتا ہے۔ آپ کو سیر و تفریح اور ہلے گلے سے محظوظ کرتے رہتے ہیں۔

## برج سرطان برج جدی کے ساتھ

### سرطان مرد جدی عورت

کامیابی حاصل کرنے کی لگن اور مالی استحکام جدی عورت کے لئے خوشی و راحت کا باعث ہے۔ وہ اپنی باتوں اور عمل سے ہمیشہ نفاست کا ثبوت دے کر آپ کو خوش رکھنا جانتی ہے۔ لیکن اگر آپ اسے

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# Lucky Times

# خوش قسمت اوقات

خالد اسحاق راٹھور

بیرون ملک کے قاری درج ذیل وقت میں اتنے گھنٹے منٹ جمع یا تفریق کر لیں۔ جتنا وقت کا فرق ان کے رہائشی ملک اور پاکستان کے وقت میں ہے۔

تاہم تمام پاکستان کے لیے یہی اوقات استعمال ہوں گے۔

کسی بھی کام کی ابتداء کا وقت بہت اہم ہوتا ہے اور یہ اس کام کی کامیابی یا ناکامی میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔ کس وقت کون سا کام کرنا مفید ثابت ہو گا؟ اس سوال کے جواب میں ذیل کی سطور آپ کی راہنما ثابت ہوں گی۔ ان اوقات پر عمل کرکے جو فوائد آپ نے حاصل کیے آپ ان کی اطلاع ادارے کو بھی دے سکتے ہیں۔

freecopy

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو کہ ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ ان اوقات کو اختیار کرکے آپ متعلقہ معاملے میں زیادہ سے زیادہ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

khalidrathore.com

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|

ذیل کی سطور میں پہلے موضوع کا عنوان اور پھر کالم نمبر 1 میں اس کام کے شروع کرنے کی تاریخ، کالم نمبر 2 میں شروع کرنے کا وقت، کالم نمبر 4 میں کام کے ختم کرنے کی تاریخ اور کالم نمبر 5 میں ختم کرنے کا وقت تحریر ہے۔

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| **شادی منگنی اور نکاح وغیرہ کا وقت** | | | | |
| 16-7-2001 | 8-01 | تا | 16-7-2001 | 19-32 |
| 11-7-2001 | 3-48 | تا | 11-7-2001 | 10-16 |
| 24-7-2001 | 7-05 | تا | 24-7-2001 | 17-37 |
| **شراکت مشترکہ کاروبار وغیرہ کی ابتداء** | | | | |
| 17-7-2001 | 12-34 | تا | 18-7-2001 | 5-17 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 22-7-2001 | 13-50 | تا | 22-7-2001 | 18-58 |
| 23-7-2001 | 5-11 | تا | 23-7-2001 | 10-22 |
| **ملازم رکھیں (مرد)** | | | | |
| 15-7-2001 | 8-22 | تا | 16-7-2001 | 13-46 |
| 22-7-2001 | 18-58 | تا | 23-7-2001 | 10-22 |
| 23-7-2001 | 20-43 | تا | 24-7-2001 | 7-05 |
| 26-7-2001 | 18-17 | تا | 26-7-2001 | 23-50 |
| **ملازم رکھیں (عورت)** | | | | |
| 12-7-2001 | 5-35 | تا | 12-7-2001 | 11-58 |
| **اپریشن اور جراحی وغیرہ** | | | | |
| 4-7-2001 | 17-25 | تا | 4-7-2001 | 23-39 |
| 13-7-2001 | 7-03 | تا | 13-7-2001 | 19-34 |
| 14-7-2001 | 1-49 | تا | 14-7-2001 | 08-00 |
| 31-7-2001 | 23-18 | تا | 1-8-2001 | 5-35 |
| **کوئی بھی کام شروع کریں** | | | | |
| 9-7-2001 | 19-16 | تا | 10-7-2001 | 1-47 |
| 17-7-2001 | 12-34 | تا | 17-7-2001 | 23-43 |

**کپڑے کاٹنے کے لیے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15-32 | 23-7-2001 | تا | 10-22 | 23-7-2001 |

**زمینوں کی آبادکاری اور کاشت**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15-32 | 23-7-2001 | تا | 10-22 | 23-7-2001 |
| 7-05 | 24-7-2001 | تا | 1-53 | 24-7-2001 |

**نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1-49 | 14-7-2001 | تا | 19-34 | 13-7-2001 |

**بدلہ لینے کے لیے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17-14 | 8-7-2001 | تا | 10-44 | 8-7-2001 |
| 20-14 | 14-7-2001 | تا | 14-07 | 14-7-2001 |
| 20-49 | 20-7-2001 | تا | 15-40 | 20-7-2001 |

**پیغام رساں بھیجنے کے لیے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-14 | 8-7-2001 | تا | 21-46 | 7-7-2001 |
| 17-44 | 8-7-2001 | تا | 10-44 | 8-7-2001 |

**بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19-32 | 16-7-2001 | تا | 8-1 | 16-7-2001 |
| 6-59 | 17-7-2001 | تا | 1-18 | 17-7-2001 |

**تجارت/نیاکاروبار/نیاسودا**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 21-18 | 10-7-2001 | تا | 14-48 | 10-7-2001 |
| 8-22 | 15-7-2001 | تا | 14-7 | 14-7-2001 |
| 10-42 | 18-7-2001 | تا | 5-17 | 18-7-2001 |
| 2-55 | 19-7-2001 | تا | 21-31 | 18-7-2001 |
| 15-32 | 23-7-2001 | تا | 10-22 | 23-7-2001 |
| 12-21 | 24-7-2001 | تا | 20-43 | 23-7-2001 |
| 4-9 | 25-7-2001 | تا | 22-53 | 24-7-2001 |
| 16-50 | 27-7-2001 | تا | 5-24 | 27-7-2001 |

**تعمیر عمارت و مکان وغیرہ**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16-23 | 1-7-2001 | تا | 10-28 | 1-7-2001 |
| 11-11 | 4-7-2001 | تا | 16-39 | 3-7-2001 |
| 17-14 | 8-7-2001 | تا | 10-44 | 8-7-2001 |
| 20-14 | 15-7-2001 | تا | 14-17 | 15-7-2001 |
| 8-01 | 16-7-2001 | تا | 2-10 | 16-7-2001 |
| 07-08 | 21-7-2001 | تا | 1-59 | 21-7-2001 |
| 15-32 | 23-7-2001 | تا | 10-22 | 23-7-2001 |
| 11-07 | 27-7-2001 | تا | 23-50 | 26-7-2001 |
| 21-55 | 28-7-2001 | تا | 16-02 | 28-7-2001 |
| 17-2 | 31-7-2001 | تا | 22-20 | 30-7-2001 |

**مقدمہ بازی/کیس/اپیل/ داخل کروانا**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19-32 | 16-7-2001 | تا | 13-46 | 16-7-2001 |

**مقابلہ/جنگ/لڑائی/برتری حاصل کرنا**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 12-34 | 17-7-2001 | تا | 6-59 | 17-7-2001 |
| 5-17 | 18-7-2001 | تا | 23-43 | 17-7-2001 |

**جانوروں کی خرید وفروخت**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8-22 | 15-7-2001 | تا | 20-14 | 14-7-2001 |

**پودے/فصل لگانا**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 14-17 | 15-7-2001 | | 8-22 | 15-7-2001 |
| 8-01 | 16-7-2001 | تا | 2-10 | 16-7-2001 |
| 00-04 | 23-7-2001 | تا | 13-50 | 22-7-2001 |
| 16-2 | 28-7-2001 | تا | 4-17 | 28-7-2001 |

**شکار کرنا**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 14-07 | 14-7-2001 | تا | 8-00 | 14-7-2001 |
| 8-22 | 15-7-2001 | تا | 2-21 | 15-7-2001 |

**سواری سیکھنے/شروع کرنے/جانور سدھانے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 12-04 | 8-8-2001 | تا | 5-35 | 12-7-2001 |
| 12-04 | 8-8-2001 | تا | 5-35 | 12-7-2001 |
| 10-00 | 13-7-2001 | تا | 07-03 | 13-7-2001 |

**دوا لینے/ علاج کروانے (خصوصاً لمبے امراض)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 00-52 | 6-7-2001 | تا | 18-33 | 5-7-2001 |
| 20-02 | 6-7-2001 | تا | 13-38 | 6-7-2001 |
| 10-16 | 11-7-2001 | تا | 3-48 | 11-7-2001 |
| 11-15 | 13-7-2001 | تا | 07-03 | 13-7-2001 |
| 18-47 | 19-7-2001 | تا | 13-31 | 19-7-2001 |

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 24-7-2001 | 17-37 | تا | 24-7-2001 | 22-53 |

**نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15-7-2001 | 8-22 | تا | 15-7-2001 | 20-14 |
| 16-7-2001 | 2-10 | تا | 16-7-2001 | 8-01 |
| 18-7-2001 | 16-07 | تا | 18-7-2001 | 21-31 |
| 19-7-2001 | 2-55 | تا | 19-7-2001 | 13-31 |

**سفر کریں**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-7-2001 | 17-25 | تا | 4-7-2001 | 23-39 |
| 6-7-2001 | 7-13 | تا | 6-7-2001 | 20-02 |
| 15-7-2001 | 14-17 | تا | 15-7-2001 | 20-14 |
| 16-7-2001 | 8-01 | تا | 16-7-2001 | 13-46 |
| 22-7-2001 | 13-50 | تا | 22-7-2001 | 18-58 |
| 23-7-2001 | 5-11 | تا | 23-7-2001 | 10-22 |
| 31-7-2001 | 23-18 | تا | 01-8-2001 | 5-35 |

**سفر (پانی سے)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17-7-2001 | 6-59 | تا | 17-7-2001 | 23-43 |
| 18-7-2001 | 5-17 | تا | 18-7-2001 | 21-31 |

**نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-7-2001 | 17-25 | تا | 4-7-2001 | 23-39 |
| 5-7-2001 | 12-14 | تا | 5-7-2001 | 18-33 |
| 15-7-2001 | 8-22 | تا | 16-7-2001 | 8-01 |
| 18-7-2001 | 10-42 | تا | 19-7-2001 | 08-14 |
| 20-7-2001 | 00-04 | تا | 20-7-2001 | 05-19 |
| 20-7-2001 | 15-40 | تا | 20-7-2001 | 20-49 |
| 22-7-2001 | 18-58 | تا | 23-7-2001 | 10-22 |
| 26-7-2001 | 7-11 | تا | 26-7-2001 | 18-17 |
| 26-7-2001 | 23-50 | تا | 27-7-2001 | 05-24 |
| 27-5-2001 | 11-07 | تا | 27-7-2001 | 22-34 |

**بال کاٹنے / رنگنے / Setting**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 13-7-2001 | 7-03 | تا | 13-7-2001 | 13-19 |

**آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20-7-2001 | 20-49 | تا | 21-7-2001 | 01-59 |

**بانڈ کے نمبر خریدنے / ریس وغیرہ**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-7-2001 | 17-25 | تا | 5-7-2001 | 5-54 |
| 9-7-2001 | 19-16 | تا | 10-7-2001 | 1-47 |
| 13-7-2001 | 13-19 | تا | 13-7-2001 | 19-34 |
| 17-7-2001 | 18-09 | تا | 17-7-2001 | 23-43 |
| 20-7-2001 | 15-40 | تا | 21-7-2001 | 01-59 |
| 22-7-2001 | 8-44 | تا | 22-7-2001 | 18-58 |
| 23-7-2001 | 10-22 | تا | 23-7-2001 | 15-32 |
| 31-7-2001 | 23-18 | تا | 1-8-2001 | 11-56 |

**ملازمت کی تلاش / اپلائی کرنے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 5-7-2001 | 12-14 | تا | 5-7-2001 | 18-33 |
| 13-7-2001 | 13-19 | تا | 13-7-2001 | 19-34 |
| 14-7-2001 | 14-07 | تا | 14-7-2001 | 20-14 |
| 15-7-2001 | 2-21 | تا | 15-7-2001 | 8-22 |
| 25-7-2001 | 14-56 | تا | 25-7-2001 | 20-20 |
| 26-7-2001 | 18-17 | تا | 26-7-2001 | 23-50 |
| 27-7-2001 | 11-07 | تا | 27-7-2001 | 16-50 |

**میوزک / آرٹ کی ابتداء / تربیت شروع**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15-7-2001 | 20-14 | تا | 16-7-2001 | 02-10 |

**دوسری شادی کرنے / رشتہ لینے**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-7-2001 | 11-11 | تا | 4-7-2001 | 23-39 |
| 9-7-2001 | 19-16 | تا | 10-7-2001 | 1-47 |
| 13-7-2001 | 19-34 | تا | 14-7-2001 | 1-49 |

## خط لکھنے والے

ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔ ورنہ جواب نہیں دیا جائے گا۔

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

از: محمد مصدق قریشی: ایبٹ آباد۔

# نقش اتوار

اگر اتوار کا دن ہے۔ کوئی ایسا کام پڑ گیا ہے جس میں کامیابی کی اُمید نہیں ہے تو اس عمل کو تیار کریں۔ خواہ دن کیسا ہو۔ ستارہ کی حالت کیسی ہو۔ یہ عمل انشاءاللہ کام ضرور کرے گا۔

اتوار کے دن سورج نکلنے کے وقت ساعت شمس میں سنہرے کاغذ پر اپنے نام مع والدہ کے مربع آتشی چال پر کریں اور اس کے گرد اسمائے اللہ سریانی زبان کی یہ عزیمت لکھیں۔

ااا ااا اا ۸ ۸ ل ا ۸ د ح اا ء اا

سـعـد

ااا ااا ۵ اا ۱۱۹۱۸۵۵ م و د

سـعـطـو

اس ستارے کے مطابق بخور صندل سندورس یا عود عنبر جلائیں۔ اب اس نقش کو دھونی دے کر گلے یا بازو پر باندھیں۔ پھر اسمائے حسنیٰ کو ۲۶۴ مرتبہ ورد کریں جو یہ ہیں۔ الحی۔ الملک۔ النور۔ پھر اسمائے سریانی **ملصیظ هسکقح مستعکیفط** کو ۴۸ بار پڑھیں۔ پھر اللہ نورُ السمٰوات والارض بکلّ شیٍ علیم۔ کو سات بار پڑھ کر پھر اسمائے سریانی کو ۴۸ بار پڑھیں۔ اور اپنے مقصد کی دعا مانگ کر نقش پر دم کر کے استعمال میں لائیں۔ جس شخص سے کام ہو اس کے پاس جائیں۔ انشاءاللہ حق تعالیٰ اس مقصد کو پورا کریں گے۔ انشاءاللہ دوسرا شخص بلا بولے یا سوچے اس کا کام کردے گا۔ خواہ وہ شخص اس کا دشمن ہی کیوں نہ ہو۔

مثال: ہم نے علی بن گل بانو کے لیے نقش اتوار کا نقش بنانا ہے۔

مطلوب کا نام مع والدہ

مطلوب علی---ع ۷۰+ل ۳۰+ی ۱۰ =۱۱۰

والدہ گل بانو--ک ۲۰+ل ۳۰+ب ۲+ا ۱+ن ۵۰+و ۶ =۱۰۹

---ٹوٹل اعداد =۲۱۹

چال مربع آتشی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

اگر باقی ۱ بچے تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ

اگر باقی ۲ بچے تو خانہ ۹ میں ایک کا اضافہ

اگر باقی ۳ بچے تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ

قانون: ۲۱۹--۳۰=۱۸۹÷۴=۴۷ باقی ۱ بچا۔

اس لیے خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ ہوگا۔

اگر اس کی میزان چاروں طرف سے برابر آتی ہے تو نقش درست ہے ورنہ غلط۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۴ | ۵۷ | ۶۱ | ۴۷ |
| ۶۰ | ۴۸ | ۵۳ | ۵۷ |
| ۴۹ | ۶۳ | ۵۵ | ۵۲ |
| ۵۶ | ۵۱ | ۵۰ | ۶۲ |

عزرائیل

اب اسطرح سنہرے کاغذ کے دوسری طرف ۶۰۹۲ اعداد کا مربع آتشی چال سے پُر کریں گے۔

۶۰۹۲-۳۰=۶۰۶۲÷۴=۱۵۱۵ باقی ۲ بچے۔


باقی ۲ بچے ہیں۔ اس لیے خانہ ۹ میں اضافہ ہوگا۔

نقش کی میزان چاروں طرف سے چیک کرلیں۔ اگر میزان چاروں طرف سے برابر ہوگی۔ تو نقش ٹھیک ہوگا۔ ورنہ نہیں۔

نقش پُر کرتے وقت رجال الغیب کو پشت پر رکھیں۔

نقش زعفران سے پُر کریں باوضو ہوکر۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم




| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۲۲ | ۱۵۲۶ | ۱۵۲۹ | |
| ۱۵۲۸ | ۱۵۱۶ | ۱۵۲۱ | ۱۵۲۷ |
| ۱۵۱۷ | ۱۵۳۱ | ۱۵۲۳ | ۱۵۲۰ |
| ۱۵۲۵ | ۱۵۱۹ | ۱۵۱۸ | ۱۵۲۰ |

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

## بقیہ شرف مشتری

فروانی، خوش نصیبی، انعامی سکیموں میں کامیابی، تجارت اور جائداد میں اضافے کے لیے مجرب ہے۔ وہ تمام لوگ جو غربت کا شکار ہیں، تنگ دستی اور رزق کی بندش سے پریشان ہیں اس موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے۔ اس نقش/لوح کو ضرور تیار کریں۔

**نقش/لوح ادارے سے تیار کروا سکتے ہیں۔ چاندی پر اس کا ہدیہ گیارہ صد روپے اور سونے پر چھ ہزار روپے ہوگا۔**

آئندہ ماہ انشاءاللہ شرف مشتری کے سعد وقت پر تیار کرنے کے لیے خصوصی طلسموں کے بارے میں بیان کروں گا۔

(جاری ہے)

قسط اول

# انکشاف اتزمل

از: حکیم غلام شبیر ناصر، رنگ پور کھڑا۔ مظفر گڑھ۔

اللہ وحدہ لاشریک اور رحمان و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اور نبی رحمت شافع روز جزا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ کی خدمت میں بے شمار درود و سلام کا تحفہ پیش کرتا ہوں۔

قارئین راہنمائے عملیات کی خدمت میں سلام عرض۔

کچھ عرصہ پہلے آپ علم رمل کی اشکال کے بارے میں پڑھ چکے ہیں کہ جب کوئی شکل کسی بھی گھر میں ہوتی ہے تو کیا نتیجہ اخذ کرنا چاہیے۔ راہنمائے عملیات میں علم رمل پر اتنا کچھ لکھا جا چکا ہے کہ آپ زائچہ آسانی سے بنا سکتے ہیں۔ اس لئے زائچہ بنانے کی تعلیم کی بجائے اصل بات ہی سمجھانے کی کوشش کروں گا۔

جو حضرات غور سے اور محنت سے اس مضمون کو پڑھ کر عمل کریں گے یقیناً ان کے لیے میری یہ کاوش نہایت سودمند ثابت ہوگی۔ علم رمل میں نقطہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ عمل نقطہ کے لیے دائرہ ابدرج کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اور عمل شکلیہ میں دائرہ سکن کو استعمال کیا جاتا ہے۔ عمل نقطہ کے لیے مراتب ہشتگانہ کو سمجھنا بہت ضروری ہے جس کے بارے میں آپ راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری میں وضاحت سے پڑھ چکے ہیں۔

علم رمل کی ہر شکل چار مختلف عناصر سے ظہور میں آتی ہے۔ عمل نقطہ میں یہی عناصر ہی کام کرتے ہیں ہر شکل میں تمام یا کچھ نقطے کشادہ اور بستہ ہوتے ہیں۔ عناصر کی ترتیب کچھ یوں ہے کہ:-

(۱) آتش (۲) باد (۳) آب (۴) خاک۔ مثلاً ≡ لحیان میں آتشی نقطہ کشادہ ہے اور باقی عناصر کے نقطہ بستہ ہیں۔ اب آگے جو کچھ میں عرض کروں گا وہ کچھ اس طرح ہوگا۔ اگر کوئی نقطہ میزان سے حرکت کر کے کسی خانہ میں انتہا پاتا ہے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ ضمیر اسی عمل سے معلوم ہوتا ہے۔ آج کا مضمون عنصر آتش یعنی نقطہ آتشی کے بارے میں ہے۔ نقطہ عنصر آتش کا خانہ آتش میں صاحب المرکز ہوتا ہے۔ پس اگر نقطہ آتش خانہ نیران سے حرکت کرے اور خانہ اول جو کہ آتشی ہے اُس میں انتہا پاوٗے تو سائل کا سوال انفصال اور خروج کے بارے میں ہے۔ اب اگر نقطہ آتش خانہ اول میں منتہی ہو اور خانہ سوم میں شکل آبی داخل ہو تو مطلب برآوری مشکل ہے۔ اور اگر خانہ سوم میں شکل خارج ہو اور نقطہ آبی بھی ہو تو مطلب آسانی سے پورا ہوگا۔

اگر کوئی سوال کرے اتصال وغیرہ یعنی قبضہ و وصولی وغیرہ کا تو خانہ اول میں نقطہ آتشی منتہی ہو اور خانہ دوم میں نقطہ باد بھی موجود ہے تو دوسروں کی مدد سے اور بڑی محنت و کوشش سے مطلب حاصل ہوگا۔

سوال اتصال میں اگر نقطہ آتش خانہ اول میں انتہا پاوٗے اور خانہ ۵ میں اشکال ≡ ، ≡ ؛ ≡ سے کوئی شکل ہو تو دلیل ہے گرمی و خشک مزاج و بلندی مدارج کی ہے۔

اب اس حالت میں اگر خانہ دوم میں نقطہ باد اور خانہ سوم میں نقطہ آب ہو اور اشکال خانہ دوم و سوم داخل ہوں اور خانہ چار میں نقطہ باد نہ ہو اور خانہ پانچ میں ≡ (لحیان) ہو تو سائل کا کاروبار نہایت ترقی کرے گا۔ تمام امور جن کا سائل خواہش مند ہو بطریق احسن پورے ہوتے ہیں۔

لیکن اگر خانہ سوم میں شکل داخل ہو اور نقطہ باد اس میں موجود ہو تو محنت و مشقت سے بہ وسائل دیگرے مراد حاصل ہو۔ اور اگر خانہ ششم میں ≡ (عتبہ الخارج) یا ≡ سے کوئی ہو تو بھی مراد حاصل ہو گی اور اگر خانہ پنجم میں ≡ ، ≡ ، ≡ ، ≡ سے کوئی شکل ہو اور خانہ نہم میں اور سیزدھم میں ≡ ہو تو سائل کی مراد نہایت آسانی سے پوری ہو۔

اگر سائل مال کے بارے میں سوال کرے گا تو خانہ اول میں ≡ خانہ دوم میں ≡ یا ≡ اور خانہ پنجم میں ≡ یا ≡ خانہ ششم میں ≡ یا پنجم و چہارم دونوں میں ہوگی۔ اس صورت میں اگر خانہ سوم

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

میں نقطہء آب ہو تو سائل افزونی مال کا خواستگار ہو۔ اور مراد بھی حاصل ہو۔ لیکن اگر سوم میں نقطہء آب مفقود ہو تو مراد بھی حاصل نہ ہو۔ اگر خانہ پنجم میں ≡ ہو تو بہتری کی صورت پیدا ہو سکتی ہے اور رشتہ داروں کے توسط سے حصول مراد ہو۔ اگر خانہ سوم میں ≡ خارج ہو تو دوست احباب سے مراد کلی حاصل ہو۔

اگر نقطہء آتش خانہ اول میں منتہی ہو اور اول میں ≡ قبض الخارج ہو اور خانہ نہم میں نقطہء آب اور خانہ پنجم میں نقطہء آتش ≡ ' ≡ سے کوئی ہو یا پنجم و ہفتم میں ≡ ہو اور خانہ ششم میں ≡ یا ≡ ہو تو مراد سائل خیریت سے اور خوش اسلوبی سے حاصل ہو۔ لیکن اگر خانہ پنجم و ہفتم میں نقطہء آتش ≡ اور خانہ ششم میں ≡ یا ≡ ہو تو تمام امور حسب منشا پوری ہوں۔ لیکن حاسد اور مخالفیں کی طرف خلل انداز ہو گی۔ اگر ششم میں ≡ یا ≡ نہ ہوں پنجم و ہفتم میں دونوں جگہ ≡ ہو تو نقصان مال مخالفوں کی طرف سے ہوگا اور انجام بخیر ہوگا۔

اور اگر پنجم میں ≡ ہو اور ہفتم میں ≡ ہو دوستوں کی طرف سے رنج و زحمت ہو لیکن دلیل بہبود کی ہے۔ اس حالت میں اگر نقطہء خاک خانہ ششم میں ہو تو دشمن سے خوف ہو۔ مگر ہر صورت میں نقطہء آتش اول میں نقطہء آب سوم میں اور شکل ≡ ہفتم میں ہو تو نیکی و سعادت کی دلیل ہے۔ بشرطیکہ خانہ ششم میں نقطہء خاک نہ ہو۔ اگر نقطہء خاک خانہ ششم میں ہو اور ≡ خانہ پنجم میں تو مراد حاصل نہ ہو اس کے برعکس۔ اگر ≡ خانہ ہفتم میں ہو تو مراد حاصل ہو۔ اگر شکل ≡ خانہ ہفتم میں ہو تو خبر غائب سننے میں آئے۔ اگر خانہ میزان میں ≡ ہو اور خانہ اول میں ≡ پر ہی نقطہء آتش انتہا پاوے تو جزوی کام ہو۔

## احکام عنصر آتش در خانہ دوم

اگر نقطہء آتش میزانی مرکز باد میں بخانہ دوم یا ششم میں انتہا پاوے ہو ضمیر سائل کا سفر اور طلب مال ہے۔ چنانچہ حکم یہ ہے کہ مراد جزوی حاصل ہو۔ اور اگر نقطہء آتش خانہ دوم سے حرکت کر کے خانہ سوم میں جاوے تو مراد جزوی بھی دوسروں کے وسیلے سے حاصل ہو۔ اور اگر سوم میں نقطہء خاک ہو تو سخت محنت اور جاں فشانی سے مراد جزوی حاصل ہو۔ اور اگر شکل خانہ اول میں نقطہء بادی نہ ہو تو مراد جزوی بھی حاصل نہ ہو۔

لیکن اگر سوم میں شکل میزانی اور نقطہء آب ہو اور خانہ اول میں شکل نیرانی اور نقطہء باد ہو تو مراد حسب منشاء پوری ہو گی۔ اگر نقطہء آتش خانہ دوم میں شکل ≡ پر انتہا پاوے اور میزان سے نقطہء باد بھی اسی شکل پر منتہی ہو اور ششم میں ≡ ہو تو حصول مال ہو اور غائب کی خبر سننے میں آئے۔ اور مراد حسب منشا حاصل ہو۔ اس صورت میں اگر سوم میں آب بھی موجود ہو تو کمال سعادت کی دلیل ہے۔

اگر نقطہء آتش خانہ دوم میں ≡ پر انتہا پاوے اور نقطہء آب بھی میزان سے حرکت کر کے اسی شکل پر منتہی ہو اور ہفتم میں ≡ یا ≡ ہو تو حصول مراد ہو۔ عزیز و اقارب اور مال کی مبارک علامت ہے۔ اگر نقطہء خانہ دوم میں ≡ پر انتہا پاوے نقطہء خاک بھی میزان سے اسی جگہ اسی شکل پر منتہی ہو تو بجائے حصول مال کے نامرادی اور نحوست ظہور میں آوے۔ لیکن اس صورت میں اثر نحوست نہ ہوگا کہ میزان میں شکل ≡ (طریق) ہو اور اس کے نقاط آب و باد بھی اسی خانہ میں انتہا پاویں یا خانہ دوم میں بجائے طریق کے ≡ (فرح) ہو تو پھر یہ شکل سعید ہے۔

اگر نقاط آتش و خاک شکل میزانی کے خانہ دوم میں شکل ≡ یا ≡ پر انتہا پاویں اور نقطہء ≡ خانہ ہفتم میں ہو تو سائل کو حصول مراد میں سخت ناکامی ہو۔

## (احکام عنصر آتش در خانہ سوم)

اگر نقطہء آتش میزان سے حرکت کرے مرکز آب خانہ سوم میں منتہی ہو تو ضمیر حرکت و سفر نزدیک حصول علم شادی و شرکت کا ہوتا ہے۔ نقطہء آتش کا خانہ سوم میں کسی شکل پر انتہا پانا دلالت کرتا ہے قوت وضعف پر کہ ہر ایک راد و مقصد سائل میں سعادت کا ظہور ہو لیکن ضعف جسمانی اور افلاس بھی بدرجہ کمال ہو۔ اور اگر سوال صحت و بخور د مریض ہو اور زائچہ میں یہ صورت پیدا ہو نحوست سخت کی علامت ہے۔

یعنی سوم میں ≡ پر نقطہء میزانی آتشی منتہی ہو اور شکل ≡ خانہ چہارم میں ہو تو مریض راہی ملک عدم ہو۔ لیکن اگر نقطہء باد دوم و سوم میں ہو یا خانہ سوم میں نقطہء آب ہو تو علامت صحت و تندرستی کی ہے۔ لیکن کچھ دنوں کے بعد فوت ہو جائے۔

اگر نقطہء آتش خانہ سوم ≡ پر منتہی ہو تو حصول مراد کی دلیل ہے۔ دوست احباب سے وصل اور ملاقات کی علامت ہے۔ اگر نقطہء آتش خانہ سوم میں ≡ پر منتہی ہو اور نقطہء باد بھی اسی شکل پر انتہا پاوے

free copy
khalidrathore.com
Lutech Document Processing Solutions

تو حصول مراد با آسانی ہو۔ اور سفر حرکت میں فائدہ حاصل ہو۔

اگر نقطہء آتش خانہء ہذا میں ☰ پر انتہا پاوے اور نقطہء خاک بھی شکل میزان سے اس شکل پر اسی جگہ منتہی ہو تو حصول مراد کی علامت ہے۔ اور اگر نقاط آتش و خاک شکل میزانی کے اس خانہء میں شکل ☰ پر منتہی ہو تو سفر سعود کی علامت ہے۔

اگر نقطہء ☰ پر خانہء سوم میں انتہا پاوے تو کاروبار میں شرکت کے لئے مبارک ہے اور اگر نقطہء باد بھی اسی شکل پر اس خانہء میں منتہی ہو تو شرکت کا معاملہ ظہور میں نہ آوے۔

اگر نقطہء آتشی خانہء ہذا میں ☰ طریق پر انتہا پاوے تو حصول مراد میں توقف ہو اور اگر نقطہء باد بھی اسی شکل پر انتہاء پائے تو جزوی کام ہو۔ اور اگر نقطہء آب بھی اسی جگہ منتہی ہو تو مراد حاصل ہو۔

لیکن اگر میزان میں شکل طریق ☰ ہو اور ہر چہار عناصر ☰ کے نقاط خانہء سوم میں ☰ طریق پر ہی انتہا پاویں تو کام ہرگز نہ ہوگا۔

اگر نقطہء آتشی خانہء سوم میں شکل ☰ عقلہ پر منتہی ہو تو وصل کے بعد فرقت کا ظہور ہو۔ اور اگر نقطہء خاک بھی اسی جگہ پر منتہی ہو تو نحوست اور نامرادی کے علاوہ کچھ ارضی و سماوی تکالیف کا بھی سامنا ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

## احکام عنصر آتش در خانہء چہارم

اگر نقطہء آتش میزان سے حرکت کر کے خانہء چہارم میں انتہا پاوے تو ضمیر خوف بیماری اور ملک پدری کا خوف ہوتا ہے۔ اور اگر نقطہء آتش مرکز خاک میں آوے تو تنگی پیدا ہوگی۔ نقطہء آتش خاک میں بے قوت اور کمزور ہوتا ہے لیکن مراد کو ضائع نہیں کرتا۔ ہر کام جس کے لیے سوال ہو ذرا توقف کے بعد انجام پذیر ہو۔ اور اگر نقطہء باد بھی شکل میزان سے اسی جگہ اسی شکل پر منتہی ہو تو کسی وسیلہ سے جزوی مراد حاصل ہو۔ اور اگر در پردہ نقطہء آب بھی موجود ہو تو کچھ بہتر ہو۔ اور اگر نقاط باد اور آب معدوم ہو تو منحوس مطلق ہے۔ سائل صبر کرے کیونکہ کوئی کام بھی اُس کی منشاء کے مطابق نہ ہوگا۔ لیکن اگر نقطہء آتش چہارم سے حرکت کر کے پنجم میں آوے تو رنج سے راحت پیدا ہو۔

دیئے گئے تمام اصول و قواعد جناب حضرت سرخاب کے قائم کردہ اصول پر ہیں۔ نقطہء آتش کے باقی چہار خانوں میں آنے سے کیا نتیجہ اخذ ہوگا انشاء اللہ اگلے ماہ کا راہنمائے عملیات پڑھیے۔

## ✓ حقیقت قصص القرآن

میووں کی دو دو قسمیں بنائیں وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے۔ غور کرنے والوں کے لئے اس میں بہت سے نشانیاں ہیں۔ (۱۳:۳)۔

اور سورج اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا کہ دونوں دن رات ایک دستور پر چل رہے ہیں۔ اور رات اور دن کو بھی تمہارے خاطر کام میں لگا دیا (۱۴: ۳۳)۔

اور خدا بڑی برکت والا ہے جس نے آسمانوں میں بُرج بنائے اور اُن میں آفتاب کا نہایت روشن چراغ اور چمکتا ہوا چاند بھی بنایا۔ اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن کو ایک دُوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا یہ باتیں اس شخص کے لئے جو غور کرنا چاہے یا شکر گزاری کا ارادہ کرے سوچنے اور سمجھنے کی ہیں۔ (۲۵: ۶۱ تا ۶۲)۔

اُسی نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ اور وہی رات کو دن پر لپیٹتا اور وہی دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو بس میں کر رکھا ہے سب ایک وقت مقرر تک چلتے رہیں گے۔ دیکھو وہی غالب اور بخشنے والا ہے۔ (۳۹: ۵)۔

اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو۔ بلکہ خدا ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے (۴۱:۳۷)۔

اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور وہ جو خدا نے آسمان سے ذریعہ رزق نازل فرمایا پھر اس سے زمین کو اُس کے مرجانیکے بعد زندہ کیا اُس میں اور ہواؤں کے بدلنے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں (۴۵:۵)۔

(جاری ہے)

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# حقیقت قصص القرآن

از: خالد اسحاق راٹھور۔

قصص القرآن کے موضوع پر یوں تو کئی ایک کتب دستیاب ہیں تاہم اس عنوان کا انتخاب کرنے کی میرے پاس سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ اکثر کتب میں عموماً ایسا طرز بیان اختیار کیا گیا ہے جو حقیقی قرآنی نکتہ نظر کی بجائے مصنف کے ذاتی خیالات' اسرائیلی روایتوں اور فرضی قصے کہانیوں کا ملغوبہ بن گیا ہے۔ یہاں تک کہ جن مصنفین نے اسرائیلی روائیتوں کو قابل اعتبار خیال نہیں کیا اس نے بھی ذاتی خیالات یا دیگر ذرائع سے حاصلہ معلومات یا مباحثے کا انداز اختیار کرنے کے باعث قرآن کے خالص نکتہ نظر کو قاری کے سامنے لانے میں وہ کاوش نہ کی جو اس موضوع کا حق تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کا عمومی انداز بیان ایسا ہے کہ اکثر واقعات یا امور قرآن میں مختلف جگہوں پر ضرورت کے مطابق آئے ہیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ اس امر کے باوجود کے واقعے کا ایک حصہ ایک جگہ اور باقی دوسری جگہ ملتا ہے ان واقعات کے بیان میں اختلاف یا ایک واقعے کا دوسرے کے خلاف ہونے کا تاثر تک نہیں نہیں ملتا۔

سو یہ حروف تحریر کرتے ہوئے بنیادی کاوش یہ کی ہے کہ ایک واقعے سے متعلق تمام آیات قرآن کو ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔ اس طریقے سے کسی بھی امر پر وہ نکتہ نظر یا واقعہ اس طرح ہمارے سامنے آتا ہے۔ جس طرح اللہ نے اپنے نبی ﷺ پر اتارا اور ان سے ہم تک اس تا ابد رہنے والے قرآن کے ذریعے پہنچا۔ ان قصص کے بارے میں دوسرے حوالوں سے کیا روشنی پڑتی ہے۔ اس کا بیان اصل قرآنی واقعے کے بعد میں آیا ہے۔ یا جہاں بحث کی ضرورت تھے وہ بھی اصل قرآنی واقعے کے مکمل بیان کے بعد ہی آئی ہے۔

نسل انسانی کی ابتداء کی سمت دیکھیں تو نظر فوراً حضرت آدم علیہ السلام پر جا ٹھہرتی ہے۔ لیکن اگر تھوڑی دیر توجہ مرکوز کی جائے تو ایک اور بنیادی سوال اس دنیا کی پیدائش کا سامنے آتا ہے جس میں آپؑ نے تخلیق پائی۔

## تخلیق کائنات

قرآن پاک اپنی مقدس تحریر میں تخلیق کائنات کے حوالے سے خاص روشنی ڈالتا ہے۔ کسی بھی دوسرے واقعے / قصے کی طرح تخلیق کائنات کا موضوع اپنے اندر ہر انسان کے لیے خاصی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ ذیل کی سطور میں اسی موضوع پر قرآن کے حوالے سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

> بھلا تمہارا بنانا مشکل ہے یا آسمان کا؟ اسی نے اس کو بنایا۔ اس کی چھت کو اونچا کیا پھر اسے برابر کر دیا۔ اور اسی نے رات تاریک بنائی اور دن کو دھوپ نکالی۔ اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا۔ اُسی نے اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارہ اُگایا۔ اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ رکھ دیا۔ یہ سب کچھ تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے فائدے کے لیے پھیلا دیا۔ (۷۹: ۲۹ تا ۳۳)۔

> کچھ شک نہیں ہے کہ تمہارا پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا۔ وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں دیکھو سب مخلوق بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اُسی کا ہے۔ یہ اللہ رب العالمین بڑی برکت والا ہے۔ (۷: ۵۴)۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

تمہارا پروردگار تو اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش تخت شاہی پر قائم ہوا۔ وہی ہر ایک کا انتظام کرتا ہے۔ کوئی اس کے پاس اس کا اذن حاصل کیے بغیر کسی کی شفارش نہیں کرسکتا۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے۔ تو اسی کی عبادت کر۔ بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے (۱۰:۳)۔

اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔ تمھارے پیدا کرنے سے مقصود یہ ہے کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے اور اگر تم کہو لوگ مرنے کے بعد زندہ کرکے اٹھائے جاؤ گئے تو کافر کہہ دیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ (۷تا۱۱)۔

جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہ جس کا نام رحمٰن یعنی بڑا مہربان ہے تو اس کا حال کسی باخبر سے دریافت کر لو۔ (۵۹:۲۵)۔

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو مخلوقات اُن میں ہے سب کو چھ دن میں بنادیا اور ہم کو ذرا بھی تکان نہیں ہوئی۔ (۳۸:۵۰)۔

وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا۔ جو چیز زمین میں داخل ہوتی اور جو اُس سے نکلتی ہے اور جو آسمان سے اُترتی اور جو اُس کی طرف چڑھتی ہے سب اُس کو معلوم ہے۔ اور تم جہاں کہیں ہو وہ تمہارے ساتھ ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اُس کو دیکھ رہا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اُسی کی ہے۔ اور سب امور اُسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا اور دن کو رات داخل کرتا ہے اور وہ دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے۔ (۵۷: ۴تا۶)۔

کہو کیا تم اُس سے انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا۔ اور بتوں کو اس کا مد مقابل بناتے ہو۔ وہ تو سارے جہان کا مالک ہے۔ اور اُسی نے زمین میں اُس کے اُوپر پہاڑ بنائے اور زمین میں برکت رکھی اور اس میں سامان معیشت مقرر کیا سب چار دن میں۔ اور تمام طلبگاروں کے لئے یکساں۔ پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں تھا تو اُس نے اُس سے اور زمین سے فرمایا کہ دونوں آؤ خواہ خوشی سے خواہ ناخوشی سے۔ اُنہوں نے کہاں کہ ہم خوشی سے آتے ہیں۔ پھر دو دن میں سات آسمان بنائے اور ہر آسمان میں اس کے کام کا حکم بھیجا اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں یعنی ستاروں سے مزین کیا اور شیطانوں سے محفوظ رکھا۔ یہ زبردست اور خبردار کے مقرر کیے ہوئے اندازے ہیں۔ (۴۱: ۹تا۱۲)۔

یہ اس لیے کہ خدا رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور خدا تو سننے والا دیکھنے والا ہے۔ (۲۲: ۶۱)۔

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ (۳: ۱۹۰)۔

رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور جو چیزیں خدا نے آسمان اور زمین میں پیدا کی ہیں سب میں ڈرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ (۶:۱۰)۔

اور وہ وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا پیدا کیے۔ اور ہر طرح کے

باقی ص ۴۹

از: حکیم و عامل سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل، ایبٹ آباد۔

# لوح تسخیر کائنات اکبر

شمس اس سال ۱۱ جولائی کو ۱۰ بجکر ۵۰ منٹ پر قبل دوپہر سے ۱۲ جولائی ۱۱ بجکر ۴۴ منٹ پر قبل دوپہر تک اوج میں رہے گا۔ شمس کو برج سرطان کے ۲۰ درجے پر اوج ہوتا ہے۔ یہ وقت ترقی دولت، ترقی مرتبہ اور ترقی عہد کے لیے پُرتاثیر ہے۔ طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ شمس اعداد قمر ۱۹۴۹۹ — یا الٰہہ الرفیع جلالہٗ اعداد ۹۷۴

نام طالب شعیب الرحمٰن-۷۱۲ — اسم اعظم خاص الجلیل-۷۳

مقصد ترقی-۷۱۰ — اسم اعظم مخفی-یا عزیز

پہلے چھ خانوں میں یا الٰہ ......... کے اعداد لکھ کر ہر خانہ میں ۲۷۰ کا اضافہ کرنا ہے۔ خانہ نمبر ۷ سے نمبر ۱۲ تک طالب کے اعداد لکھ کر ہر خانہ میں ۲۷۰-۲۷۰ کا اضافہ کرنا ہے۔ خانہ نمبر ۱۳ سے خانہ نمبر ۱۸ تک اسم اعظم خاص کے اعداد لکھ کر ہر خانہ میں ۲۷۰-۲۷۰ کا اضافہ کرنا ہے۔ خانہ نمبر ۱۹ سے نمبر ۲۴ تک مقصد ترقی کے اعداد لکھ کر ۲۷۰-۲۷۰ کا اضافہ کرنا ہے۔ خانہ نمبر ۲۵ سے ۳۰ تک۔

اسم اعظم مخفی کے اعداد لکھ کر ہر خانہ میں ۲۷۰-۲۷۰ کا اضافہ کرنا ہے اب خانہ نمبر ۱۸، نمبر ۱، نمبر ۳۰، نمبر ۱۹، نمبر ۱۲، جمع کر کے کل اعداد سے تفریق کر کے باقی کو خانہ نمبر ۳۱ سے نمبر ۳۶ تک ۲۷۰-۲۷۰ کا اضافہ کرتا ہے۔ اس طرح میزان چاروں طرف سے درست آئے گی۔

اب لوح مکمل ہے خانہ اول لکھ کر یا کریم ۲۷۰ دفعہ پڑھ کر لوح پر دم کرنا ہے اس طرح خانہ نمبر ۱ سے خانہ نمبر ۳۰ تک یا کریم کا ورد کر کے لوح پر دم کریں۔ میزان چاروں طرف سے درست ہوگی۔ یہ راہنمائے عملیات کے لیے تحفہ ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۱۹ | ۳۰ | ۳۱ | ۱۸ | ۱ |
| ۱۳ | ۳۳ | ۱۱ | ۲ | ۲۸ | ۲۴ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹ | ۳ | ۱۴ | ۲۳ | ۱۰ | ۳۲ |
| ۴ | ۲۷ | ۱۵ | ۲۲ | ۳۳ | ۹ |
| ۱۷ | ۸ | ۳۵ | ۲۶ | ۵ | ۲۰ |
| ۳۶ | ۲۱ | ۶ | ۷ | ۱۶ | ۳۵ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۶۲ | ۷۱۰ | ۱۳۵۵ | ۲۸۷۵ | ۱۳۲۳ | ۹۷۴ |
| ۷۳ | ۱۳۳۱۵ | ۱۷۹۲ | ۱۲۳۴ | ۹۱۵ | ۲۰۶۰ |
| ۱۱۸۵ | ۱۵۱۴ | ۳۳۳ | ۱۷۹۰ | ۱۵۲۲ | ۱۳۱۴۵ |
| ۱۷۸۴ | ۶۳۵ | ۶۱۳ | ۱۵۲۰ | ۱۳۶۸۵ | ۱۲۵۲ |
| ۱۱۵۳ | ۹۸۲ | ۱۳۹۵۵ | ۳۷۵ | ۲۰۵۴ | ۹۸۰ |
| ۱۴۲۲۵ | ۱۲۵۰ | ۲۳۲۴ | ۷۱۲ | ۸۸۳ | ۱۰۵ |

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

## لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لئے موثر و زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## بانڈ نمبر

| 16-7-2001 | 3-7-2001 | 1-8-2001 |
|---|---|---|
| Rs.750 | Rs.15000 | Rs.7,500 |
| 800 | 712 | 639 |
| 145 | 734 | 970 |
| 627 | 850 | 097 |
| 949 | 254 | 246 |
| 335 | 920 | 792 |
| 700 | 339 | 959 |
| 531 | 712 | 369 |

# لوح استخارہ

وہ لوگ جو استخارہ کرنے کے خواہش مند ہوں۔ وہ اس لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ لوح ایک خاص طریقہ کار کے تحت چاندی کی پلیٹ پر تیار کی جاتی ہیں۔ یہ لوح کسی بھی مقصد یا سوال یا نمبر معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوسکتی ہے۔ ہدیہ 1100

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## تقویم سیارگان ماہ جولائی 2001

**JULY 2001** **LONGITUDE**

| Day | Sid. Time | ☉ | ☽ | True ☊ | ☿ | ♀ | ♂ | ♃ | ♄ | ♅ | ♆ | ♇ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | h m s | ° ' " | ° ' " | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' |
| 1 Su | 18 36 27 | 9♋ 14 10 | 15♏ 14 39 | 6♋ 21.8 | 21♊ 34.1 | 24♉ 58.5 | 17♐R 32.5 | 27♊ 17.9 | 8♊ 56.7 | 24♒R 25.9 | 8♒R 8.3 | 13♐R 14.2 |
| 2 M | 18 40 24 | 10 11 22 | 28 15 46 | 6 22.1 | 21 49.9 | 26 0.7 | 17 18.2 | 27 31.5 | 9 3.8 | 24 24.4 | 8 7.0 | 13 12.8 |
| 3 Tu | 18 44 20 | 11 8 33 | 11♐ 2 27 | 6 22.6 | 22 10.6 | 27 5.2 | 17 4.4 | 27 45.1 | 9 10.8 | 24 22.9 | 8 5.6 | 13 11.4 |
| 4 W | 18 48 17 | 12 5 45 | 23 36 3 | 6 22.9 | 22 36.2 | 28 9.8 | 16 51.4 | 27 58.7 | 9 17.8 | 24 21.4 | 8 4.2 | 13 10.1 |
| 5 Th | 18 52 13 | 13 2 56 | 5♑ 57 59 | 6R 23.1 | 23 6.8 | 29 14.6 | 16 39.0 | 28 12.3 | 9 24.7 | 24 19.8 | 8 2.7 | 13 8.7 |
| 6 F | 18 56 10 | 14 0 7 | 18 9 43 | 6 22.9 | 23 42.3 | 0♊ 19.7 | 16 27.3 | 28 25.9 | 9 31.6 | 24 18.2 | 8 1.3 | 13 7.4 |
| 7 Sa | 19 0 6 | 14 57 19 | 0♒ 12 56 | 6 22.3 | 24 22.6 | 1 24.9 | 16 16.4 | 28 39.4 | 9 38.5 | 24 16.6 | 7 59.8 | 13 6.1 |
| 8 Su | 19 4 3 | 15 54 30 | 12 9 30 | 6 21.3 | 25 7.7 | 2 30.3 | 16 6.2 | 28 52.9 | 9 45.3 | 24 14.9 | 7 58.4 | 13 4.8 |
| 9 M | 19 7 59 | 16 51 42 | 24 1 42 | 6 20.0 | 25 57.6 | 3 35.8 | 15 56.7 | 29 6.4 | 9 52.1 | 24 13.2 | 7 56.9 | 13 3.5 |
| 10 Tu | 19 11 56 | 17 48 53 | 5♓ 52 15 | 6 18.4 | 26 52.2 | 4 41.6 | 15 48.1 | 29 19.8 | 9 58.8 | 24 11.4 | 7 55.4 | 13 2.3 |
| 11 W | 19 15 53 | 18 46 6 | 17 44 19 | 6 16.8 | 27 51.4 | 5 47.5 | 15 40.2 | 29 33.2 | 10 5.5 | 24 9.6 | 7 53.9 | 13 1.0 |
| 12 Th | 19 19 49 | 19 43 18 | 29 41 33 | 6 15.5 | 28 55.2 | 6 53.6 | 15 33.2 | 29 46.6 | 10 12.1 | 24 7.8 | 7 52.4 | 12 59.8 |
| 13 F | 19 23 46 | 20 40 31 | 11♈ 47 58 | 6D 14.7 | 0♋ 3.5 | 7 59.8 | 15 26.9 | 0♋ 0.0 | 10 18.7 | 24 6.0 | 7 50.8 | 12 58.6 |
| 14 Sa | 19 27 42 | 21 37 45 | 24 7 51 | 6 14.5 | 1 16.3 | 9 6.2 | 15 21.5 | 0 13.3 | 10 25.2 | 24 4.1 | 7 49.3 | 12 57.4 |
| 15 Su | 19 31 39 | 22 34 59 | 6♉ 45 25 | 6 14.9 | 2 33.5 | 10 12.7 | 15 16.9 | 0 26.6 | 10 31.7 | 24 2.2 | 7 47.7 | 12 56.3 |
| 16 M | 19 35 35 | 23 32 14 | 19 44 35 | 6 16.0 | 3 55.0 | 11 19.4 | 15 13.1 | 0 39.8 | 10 38.1 | 24 0.2 | 7 46.2 | 12 55.2 |
| 17 Tu | 19 39 32 | 24 29 29 | 3♊ 8 21 | 6 17.3 | 5 20.8 | 12 26.3 | 15 10.2 | 0 53.0 | 10 44.5 | 23 58.3 | 7 44.6 | 12 54.1 |
| 18 W | 19 43 28 | 25 26 45 | 16 58 17 | 6 18.5 | 6 50.6 | 13 33.3 | 15 8.1 | 1 6.2 | 10 50.8 | 23 56.3 | 7 43.0 | 12 53.0 |
| 19 Th | 19 47 25 | 26 24 2 | 1♋ 13 56 | 6R 19.2 | 8 24.5 | 14 40.4 | 15D 6.9 | 1 19.3 | 10 57.0 | 23 54.3 | 7 41.5 | 12 51.9 |
| 20 F | 19 51 22 | 27 21 19 | 15 52 17 | 6 19.0 | 10 2.3 | 15 47.7 | 15 6.5 | 1 32.4 | 11 3.2 | 23 52.2 | 7 39.9 | 12 50.9 |
| 21 Sa | 19 55 18 | 28 18 37 | 0♌ 47 40 | 6 17.8 | 11 43.8 | 16 55.1 | 15 7.0 | 1 45.5 | 11 9.4 | 23 50.2 | 7 38.3 | 12 49.9 |
| 22 Su | 19 59 15 | 29 15 56 | 15 52 9 | 6 15.6 | 13 28.8 | 18 2.7 | 15 8.3 | 1 58.5 | 11 15.5 | 23 48.1 | 7 36.7 | 12 48.9 |
| 23 M | 20 3 11 | 0♌ 13 15 | 0♍ 56 35 | 6 12.7 | 15 17.2 | 19 10.3 | 15 10.4 | 2 11.4 | 11 21.5 | 23 46.0 | 7 35.0 | 12 47.9 |
| 24 Tu | 20 7 8 | 1 10 34 | 15 52 0 | 6 9.4 | 17 8.7 | 20 18.1 | 15 13.4 | 2 24.3 | 11 27.5 | 23 43.8 | 7 33.4 | 12 47.0 |
| 25 W | 20 11 4 | 2 7 53 | 0♎ 30 53 | 6 6.5 | 19 3.0 | 21 26.0 | 15 17.3 | 2 37.2 | 11 33.4 | 23 41.7 | 7 31.8 | 12 46.1 |
| 26 Th | 20 15 1 | 3 5 13 | 14 48 12 | 6 4.3 | 20 59.8 | 22 34.1 | 15 22.0 | 2 50.0 | 11 39.2 | 23 39.5 | 7 30.2 | 12 45.2 |
| 27 F | 20 18 57 | 4 2 33 | 28 41 32 | 6D 3.2 | 22 59.0 | 23 42.2 | 15 27.4 | 3 2.7 | 11 45.0 | 23 37.3 | 7 28.6 | 12 44.3 |
| 28 Sa | 20 22 54 | 4 59 54 | 12♏ 10 52 | 6 3.3 | 25 0.0 | 24 50.5 | 15 33.7 | 3 15.4 | 11 50.7 | 23 35.1 | 7 26.9 | 12 43.5 |
| 29 Su | 20 26 51 | 5 57 15 | 25 17 54 | 6 4.3 | 27 2.6 | 25 58.9 | 15 40.8 | 3 28.1 | 11 56.3 | 23 32.8 | 7 25.3 | 12 42.7 |
| 30 M | 20 30 47 | 6 54 36 | 8♐ 5 24 | 6 5.9 | 29 6.5 | 27 7.4 | 15 48.7 | 3 40.7 | 12 1.9 | 23 30.6 | 7 23.7 | 12 41.9 |
| 31 Tu | 20 34 44 | 7♌ 51 59 | 20♐ 36 37 | 6♋ 7.4 | 1♌ 11.2 | 28♊ 16.0 | 15♐ 57.4 | 3♋ 53.2 | 12♊ 7.4 | 23♒ 28.3 | 7♒ 22.0 | 12♐ 41.2 |

1st of Month Julian Day # 2452091.5 SVP 05♓14'37" Galactic Center 26♐52.2 Chiron 24♐56.2Rx

Obliquity 23°26'19"

# جنتر منتر

## حاضرات کامتا دیوی کی

ترکیب منتر۔ اوم نموتا یئے تخت مان پیغمبر آویں کامتا دیوی سنی جاویں ۔حضرت سلیمان پیغمبر ستی جاویں۔ترکیب سدھی ۱۰۱بار ۴۱ یوم تک شیرینی سامنے رکھ کر پڑھے۔ بروقت ضرورت ایک پھول والا کٹورہ لے کر شیرینی اس میں رکھ کر بچہ کو دکھلا دے جو ۱۲ سال کا ہو منتر ۱۰۱ بار پڑھے کامتا دیوی آویگی اور سب کام کرے گی۔

## حاضرات سلیمان علیہ السلام

عمل: عزمتُ علیکہ واقسمتُ علیکم برب جبرائیل میکائیل اسرافیل عزرائیل ملقان سلطان اذردمن زال من پیغمبر مشارق المغارب جنوب الشمال بحق سلیمان ابن داؤد علیھما السلام حاضر شو۔

بروز نوچندی جمعرات بوقت ۱۲ بجے قبلہ رخ بیٹھ کر شیرینی پھول عطر پر تین سو مرتبہ پڑھے لوبان جلاتا رہے بعد ختم عمل شیرینی بچوں کو تقسیم کر دیا کرے۔ روز نئے پھول لادے ۴۱ روز میں اس کا عامل ہوگا جب ضرورت ہو پندرہ کا نقش آتشی اس طرح سے لکھے بیچ میں سیاہ رکھے پس تین سرکنڈوں کی نلکی کی شکل پر چراغدان بنادے اور اس پر چراغ رکھے اور پندرہ کا آتشی نقش لکھ کر ایک فتیلہ بنا دے۔ پھر نقش لکھ کر ایک فتیلہ بنائے۔ پھر نقش مذکور پر عطر لگا کر ایک ۱۲ سالہ بچہ کے ہاتھ میں دے اور چراغ روشن کرے اور عزیمت مندرجہ بالا پڑھنا شروع کرے اور بچے کو کہے غور سے نقش پر دیکھ بچہ نقش پر لگی ہے دیکھے پس بادشاہ جن آویں گے۔ اول روز نہ آویں تو تین روز متواتر کریں۔ تین روز میں آویں گے۔ روزانہ عطر پھول خوشبو مٹھائی تازہ رکھے بعد ختم عمل شیرینی بچوں کو بانٹ دے بعد ختم عمل ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے۔ تاکہ عامل رہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |


حاضرات اسم باسط کی

عمل: یاباسط یارزاق ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع--س

ترکیب: بروز نوچندی جمعرات سے پھول عطر خوشبو شیرینی رکھ کر پڑھے۔لوبان وغیرہ جلاتا رہے۔۱۰۱ مرتبہ پڑھے ۴۱ روز بلا ناغہ پھر

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

پندرہ کا نقش بھرے اور بائیں طرف سات زنجیرے اس طرح سے تعویذ کے بھرے پھر دوسرا پندرہ کا نقش لکھے اور فتیلہ بنا کر کاجل پھاڑے۔ پھر عورت یا لڑکا نابالغ کے کاجل بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نقش مع زنجیرہ داہنے ہاتھ میں دے کر عمل پڑھیں۔ زنجیرہ سات شوشہ سے کم کا نہ ہو۔ بعد ختم ۲۱ مرتبہ روزانہ ورد کرے۔



زنجیرے

## حاضرات جن بادشاہ

اللھم صل علی محمد امی عطاقل اجودم والکرم ولورود ملک قلے بدور شاہ فلک واللہ اللہ۔ وانا رسول مثل بہ فاللہ عزمت علیکم واقسمت علیکم برب جبرائیل میکائیل اسرافیل کمائیل یا عزرائیل بحق یاباسط یابدوح حاضر شو حاضر شو حاضر شو حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

ترکیب: مندرجہ بالا عمل کو نوچندی جمعرات سے عطر پھول شیرینی رکھ کر لوبان جلا کر ۱۰۱ بار ۴۱ روز تک پڑھے اس کا عامل ہوگا۔ وقت ضرورت آئینہ پر عطر لگا کر خواہ کسی عمر کا عورت مرد ہو بٹھا دے مگر الٹا پیدا ہوا ہو۔ شاہ جن آدیں گے اور جواب دیں گے۔

**جاری ہے**

free copy
khalidrathore.com

# نظرات کواکب

خالد روحانی جنتری 2001 میں تمام سال کی نظرات تحریر کر دی گئی ہیں۔ راہنمائے عملیات میں صرف متعلقہ ماہ کی کوکبی نظرات بیان کی گئی ہیں ----- یہ کس کام آتی ہیں؟ اس بارے میں مکمل تفصیل خالد روحانی جنتری 2001 میں درج ہے۔ مختصر سمجھ لیں سعد نظر متعلقہ کواکب کے حوالے سے اچھے کاموں یعنی شادی' منگنی' نیا کام شروع کرنے' کاروبار یا ترقی وغیرہ کے لیے کوشش کرنے کے لیے مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات دشمنی پیدا کرنے' رزق کی بندش اور نفاق وغیرہ کے لیے ہوتی ہیں۔

قمر کی نظر کا دورانیہ مختصر اور دیگر کواکب کا طویل ہوتا ہے۔ تاہم کوئی عمل نظر کے عین وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے شروع کر کے آدھا گھنٹہ بعد تک مکمل کر لیں۔ زود اثر ہوگا

جدول کواکب وغیرہ کے لیے علامتی حروف تحریر کیے گئے ہیں ان کی تفصیل سمجھ لیں۔

پہلے کالم میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔

دوسرے یعنی سیارگان کے کالم میں س سے مراد شمس --- ر سے مراد قمر --- د سے مراد عطارد ہے --- ہ سے مراد زہرہ --- خ سے مراد مریخ --- ی سے مراد مشتری --- ل سے مراد زحل --- نس سے مراد یورنس --- ن سے مراد نپ چون اور ٹو سے مراد پلوٹو ہے۔

تیسرے یعنی نظر کے کالم میں س سے مراد تسدیس --- ث سے مراد تثلیث --- لہ سے مراد مقابلہ --- ع سے مراد تربیع اور ن سے مراد قران ہے۔ چوتھے یعنی وقت کے کالم میں نظر مکمل ہونے کا وقت فوجی انداز میں تحریر ہے۔ یعنی دوپہر کے ۲ بجے کو ۱۲+۲=۱۴ تحریر کیا گیا ہے۔

## جولائی

| تاریخ | سیارگان | نظر | وقت |
|---|---|---|---|
| 1 | رلس | ع | 21/51 |
| 2 | رہ | لہ | 00/26 |
| 2 | رن | س | 23/26 |
| 3 | رل | لہ | 1/27 |
| 3 | رٹو | ن | 9/04 |
| 3 | رخ | ن | 16/17 |
| 4 | رد | لہ | 3/00 |
| 4 | رلس | س | 6/27 |
| 4 | ری | لہ | 13/37 |
| 5 | س ر | لہ | 20/05 |
| 7 | دلس | ث | 1/44 |
| 7 | رہ | ث | 7/38 |
| 7 | رن | ن | 20/35 |
| 8 | رل | ث | 00/07 |
| 8 | رٹو | س | 6/51 |
| 8 | رخ | س | 12/51 |
| 9 | رلس | ن | 5/23 |
| 9 | رد | ث | 9/14 |
| 9 | ری | ث | 15/29 |
| 10 | رہ | ع | 2/22 |
| 10 | رل | ع | 13/24 |
| 10 | رٹو | ع | 19/29 |
| 11 | رخ | ع | 00/52 |
| 11 | س ر | ث | 7/15 |
| 12 | رد | ع | 3/18 |
| 12 | ری | ع | 5/10 |
| 12 | رہ | س | 20/45 |
| 12 | رن | س | 21/13 |
| 13 | ہن | ث | 1/50 |
| 13 | رل | س | 2/03 |
| 13 | دی | ن | 3/30 |
| 13 | رٹو | ث | 7/19 |
| 13 | رخ | ث | 12/06 |
| 13 | س ر | ع | 23/46 |
| 14 | رلس | س | 4/53 |
| 14 | ری | س | 16/52 |
| 14 | رد | س | 20/11 |
| 15 | رن | ع | 6/56 |
| 15 | ہل | ن | 12/33 |
| 16 | س ر | س | 12/24 |
| 16 | رلس | ع | 12/42 |
| 17 | رن | ث | 13/03 |
| 17 | ہٹو | لہ | 14/47 |
| 17 | رل | ن | 18/23 |
| 17 | رٹو | لہ | 22/00 |
| 17 | رہ | ن | 22/38 |
| 18 | رخ | لہ | 1/52 |
| 18 | رلس | ث | 16/47 |
| 19 | ری | ن | 5/09 |
| 19 | ہخ | لہ | 14/21 |
| 19 | رد | ن | 18/18 |
| 21 | س ر | ن | 00/45 |
| 21 | رن | لہ | 15/53 |
| 21 | رل | س | 21/37 |
| 22 | رٹو | ث | 00/09 |
| 22 | رخ | ث | 3/50 |
| 22 | رہ | س | 8/44 |
| 22 | رلس | لہ | 17/35 |
| 23 | ری | س | 7/01 |
| 23 | رل | ع | 21/49 |
| 24 | رٹو | ع | 00/01 |
| 24 | رخ | ع | 3/57 |
| 24 | رد | س | 7/23 |
| 24 | رہ | ع | 12/49 |
| 25 | س ر | س | 7/52 |
| 25 | ری | ع | 8/33 |
| 25 | رن | ث | 16/41 |
| 25 | رل | ث | 23/37 |
| 26 | رٹو | س | 1/31 |
| 26 | رخ | س | 5/58 |
| 26 | رد | ع | 17/23 |
| 26 | رہ | ث | 19/31 |
| 26 | رلس | ث | 20/11 |
| 27 | ہلس | ث | 3/19 |
| 27 | ری | ث | 12/48 |
| 27 | س ر | ع | 15/09 |
| 27 | رن | ع | 20/31 |
| 29 | رلس | ع | 1/46 |
| 29 | رد | ث | 8/51 |
| 30 | س ر | ث | 2/35 |
| 30 | رن | س | 3/41 |
| 30 | رل | لہ | 12/34 |
| 30 | رٹو | ن | 13/46 |
| 30 | س ن | لہ | 16/49 |
| 30 | رخ | ن | 19/55 |
| 31 | رلس | س | 10/32 |
| 31 | رہ | لہ | 21/25 |

## اگست

| تاریخ | سیارگان | نظر | وقت |
|---|---|---|---|
| 1 | ری | لہ | 7/22 |
| 3 | دن | لہ | 2/59 |
| 4 | رن | ن | 1/32 |
| 4 | رہ | لہ | 6/24 |
| 4 | س ر | لہ | 10/57 |
| 4 | رل | ث | 12/06 |
| 4 | رٹو | س | 12/23 |
| 4 | رخ | س | 20/47 |
| 5 | س ل | س | 2/39 |
| 5 | س ٹو | ث | 4/32 |
| 5 | رلس | ن | 9/53 |
| 5 | دل | س | 16/12 |
| 5 | دٹو | ث | 16/28 |

پورے سال (2001) کی نظرات کے لیے دیکھیں خالد روحانی جنتری

# خالد روحانی جنتری برائے ماہ جولائی 2001 / ربیع الثانی 1422 / ہاڑ 2058

| دن | جولائی | ربیع الثانی | ہاڑ | طلوع | غروب | طلوع | غروب | قمر در منازل | قمر در بروج | کوکبی تقویم | نمبر | آج کا دن کیسا گزرے گا؟ آج کیا کریں؟ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | 1 | 9 | 18 | 4-59 | 19-14 | 5-43 | 19-24 | 16-23 شولہ | | | 6 | نئے تعلقات اور عروج |
| پیر | 2 | 10 | 19 | 4-59 | 19-14 | 5-43 | 19-24 | 18-16 النعائم | 08-15 قوس | | 7 | تخیل اور نئی سوچ باعث ترقی |
| منگل | 3 | 11 | 20 | 5-00 | 19-14 | 5-43 | 19-24 | 16-39 بلدہ | | | 8 | محبت کے لیے موزوں وقت |
| بدھ | 4 | 12 | 21 | 5-01 | 19-14 | 5-43 | 19-24 | 17-25 ذابح | 17-25 جدی | | 9 | حصول علم اور خبر حاصل کرنے کا وقت |
| جمعرات | 5 | 13 | 22 | 5-01 | 19-14 | 5-44 | 19-24 | 18-33 بلعہ | | زہرہ در جوزا مکمل چاند گرہن | 1 | کامیابی، عروج اور ترقی |
| جمعہ | 6 | 14 | 23 | 5-02 | 19-13 | 5-44 | 19-24 | 20-02 سعود | | | 2 | مذہبی امور کے ذریعے خوشی |
| ہفتہ | 7 | 15 | 24 | 5-02 | 19-13 | 5-44 | 19-24 | 21-46 اخبیہ | 04-34 دلو | | 3 | سیر و تفریح کے لیے موزوں |
| اتوار | 8 | 16 | 25 | 5-02 | 19-13 | 5-45 | 19-24 | 23-44 مقدم | | | 4 | آرام و آسائش کا حصول |
| پیر | 9 | 17 | 26 | 5-03 | 19-13 | 5-45 | 19-24 | | 17-06 حوت | | 5 | آگے بڑھنے اور ترقی کے مواقع |
| منگل | 10 | 18 | 27 | 5-03 | 19-12 | 5-46 | 19-24 | 01-47 موخر | | حضیض قمر | 6 | اصلاحات اور توازن قائم کریں |
| بدھ | 11 | 19 | 28 | 5-04 | 19-12 | 5-46 | 19-24 | 03-48 رشا | | اوج شمس | 7 | بات چیت کے ذریعے معاملات کا حل |
| جمعرات | 12 | 20 | 29 | 5-04 | 19-12 | 5-47 | 19-23 | 05-35 شرطین | 05-35 حمل | | 8 | جھگڑے اور فساد کا خطرہ |
| جمعہ | 13 | 21 | 30 | 5-05 | 19-11 | 5-47 | 19-23 | 07-03 بطین | | عطارد در سرطان مشتری در سرطان نصف چاند | 9 | مذہبی امور کی طرف دھیان |
| ہفتہ | 14 | 22 | 31 | 5-05 | 19-11 | 5-48 | 19-23 | 08-00 ثریا | 16-09 ثور | شرف قمر | 1 | اپنے آپ کو دھوکہ نہ دیں |
| اتوار | 15 | 23 | ساون | 5-06 | 19-11 | 5-48 | 19-23 | 08-22 دبران | | | 2 | غلط فہمی، غلط فیصلے اور فریب نظر |
| پیر | 16 | 24 | 2 | 5-06 | 19-11 | 5-49 | 19-22 | 08-01 ہقعہ | 23-23 جوزا | | 3 | جلد بازی سے کام نہ لیں |
| منگل | 17 | 25 | 3 | 5-06 | 19-10 | 5-49 | 19-22 | 06-59 ہنعہ | | | 4 | دوسروں کے ذریعے کامیابی اور ترقی |
| بدھ | 18 | 26 | 4 | 5-07 | 19-09 | 5-50 | 19-22 | 05-17 ذراعہ | | | 5 | کاموں میں التواء |
| جمعرات | 19 | 27 | 5 | 5-08 | 19-09 | 5-50 | 19-22 | 02-55 نثرہ | 02-55 سرطان | | 6 | اخلاقی اور مذہبی طور پر ترقی یافتہ۔ |
| جمعہ | 20 | 28 | 6 | 5-09 | 19-09 | 5-51 | 19-22 | 00-04 طرفہ<br>20-49 جبہ | | مریخ استقامت | 7 | اصلاح مرمت اور آگے بڑھنے کا امکان |
| ہفتہ | 21 | 29 | 7 | 5-09 | 19-08 | 5-51 | 19-22 | 17-22 زبرہ | 03-43 اسد | نیا چاند | 8 | التواء مگر محنت باعث کامیابی |
| اتوار | 22 | جمادی الاول | 8 | 5-10 | 19-08 | 5-51 | 19-22 | 13-50 صرفہ | | شمس در اسد | 9 | نئے کام اور زراعت کے لیے بہتر |
| پیر | 23 | 2 | 9 | 5-11 | 19-07 | 5-52 | 19-21 | 10-22 عوا | 03-29 سنبلہ | اوج قمر | 1 | معاملات محبت اور صدقے کے لیے موزوں |
| منگل | 24 | 3 | 10 | 5-11 | 19-07 | 5-53 | 19-21 | 07-05 سماک | | اوج زہرہ | 2 | اچھا اور کامیاب دن |
| بدھ | 25 | 4 | 11 | 5-12 | 19-06 | 5-53 | 19-20 | 04-09 غفرہ | 04-09 میزان | | 3 | فنون لطیفہ اور عوامی سرگرمیاں |
| جمعرات | 26 | 5 | 12 | 5-12 | 19-05 | 5-54 | 19-20 | 01-44 زبانہ<br>23-50 اکلیل | | | 4 | دوسروں سے حصول مقصد |
| جمعہ | 27 | 6 | 13 | 5-13 | 19-05 | 5-54 | [illegible] | 22-34 قلب | 07-19 عقرب | نصف چاند ہبوط قمر | 5 | آگے بڑھنے اور کامیابی کا وقت |
| ہفتہ | 28 | 7 | 14 | 5-13 | 19-04 | 5-55 | 19-19 | 21-55 شولہ | | | 6 | پیار و محبت اور شاعرانہ زندگی |
| اتوار | 29 | 8 | 15 | 5-14 | 19-03 | 5-55 | 19-19 | 21-52 النعائم | 13-49 قوس | | 7 | بے مقصد، غیر متعین محتاط دن |
| پیر | 30 | 9 | 16 | 5-15 | 19-03 | 5-56 | 19-18 | 22-20 بلدہ | | عطارد در اسد حضیض زحل | 8 | غلط فہمی اور دھوکے کا خطرہ |
| منگل | 31 | 10 | 17 | 5-16 | 19-02 | 5-56 | 19-17 | 23-18 ذابح | 23-18 جدی | | 9 | عملیاتی و روحانی فوائد |

## نقلہ کوکب فی البروج

☆ زہرہ در جوزا۔ 5 جولائی رات 9 بجکر 45 منٹ
☆ عطارد در سرطان۔ 13 جولائی صبح 3 بجکر 48 منٹ
☆ مشتری در سرطان 13 جولائی صبح 5 بجکر 4 منٹ
☆ شمس در اسد۔ 22 جولائی رات 11 بجکر 27 منٹ
☆ عطارد در اسد۔ 30 جولائی دوپہر 3 بجکر 19 منٹ

## رجعت و استقامت

☆ مریخ۔ استقامت۔ 20 جولائی صبح 3 بجکر 50 منٹ

## قمری حالتیں

☆ مکمل چاند 5 جولائی رات 8 بجکر 5 منٹ
☆ نصف چاند۔ 13 جولائی رات 11 بجکر 46 منٹ
☆ نیا چاند۔ 21 جولائی صبح صفر بجکر 45 منٹ
☆ نصف چاند۔ 27 جولائی دوپہر 3 بجکر 9 منٹ

## گرہن

☆ قمری گرہن۔ 5 جولائی رات 7 بجکر 56 منٹ

## شرف و ہبوط کواکب

☆ حضیض قمر۔ 10 جولائی صبح 11 بجکر 20 منٹ تا دوپہر 1 بجکر 21 منٹ
☆ شرف قمر۔ 14 جولائی رات 7 بجکر 58 منٹ تا 9 بجکر 52 منٹ
☆ اوج قمر۔ 23 جولائی رات 5 بجکر 57 منٹ تا 7 بجکر 34 منٹ
☆ اوج شمس۔ 11 جولائی 11 جولائی صبح 10 بجکر 53 منٹ تا 12 جولائی دوپہر 12 بجکر 2 منٹ
☆ اوج زہرہ۔ 24 جولائی رات 7 بجکر 49 منٹ تا 25 جولائی شام 5 بجے تک
☆ ہبوط قمر۔ 27 جولائی صبح 10 بجکر 52 منٹ تا 12 بجکر 39 منٹ
☆ حضیض زحل۔ 30 جولائی صبح صفر بجکر 11 منٹ تا 10 اگست دوپہر 2 بجکر 35 منٹ

**قل تعدیل** ☆ 5 درجے 14 دقیقے 37 ثانیے

مکمل یقین کے ساتھ نجومی، عملیاتی اور روحانی راہنمائی حاصل کریں

# شرف مشتری

## کی تیاری کر لیں

free copy
LuraTech
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

یکم اکتوبر صبح 9 بجے خوش حالی اور خوش بختی کا کوکب مشتری درجہ شرف پر پہنچے گا۔

مشتری کو یہ سعد اور طاقتور حالت بارہ سال کے طویل عرصے کے بعد ملتی ہے۔

یہ لوح حصول دولت' مالی معاملات میں استحکام' خوش حالی' روپے کی فروانی' کاروبار و تجارت میں برکت و اضافے' اولاد نرینہ' جائیداد کے حصول' آرام دہ زندگی' عمومی خوش حالی' روپے کا حصول بذریعہ بانڈ' ریس اور لاٹری' مالی مشکلات سے نجات' خاتمہ غربت وغیرہ کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

---

**لوح بنوانے کے خواہش مند بذریعہ جوابی خط یا ذاتی طور پر رابطہ کریں۔**

---

خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر 2' گلی نمبر 11' نزد جامعہ نعیمیہ' محمد نگر' گڑھی شاہو' لاہور۔

# لوح شرف مشتری

یکم اکتوبر صبح 9 بجے خوش حالی اور خوش بختی کا کوکب مشتری درجہ شرف پر پہنچے گا۔ مشتری کو یہ سعد اور طاقتور حالت بارہ سال کے طویل عرصے کے بعد ملتی ہے۔

**ھدیہ** کاغذ پر ۶۰۰ روپے — خالص چاندی پر ۱۱۰۰ — خالص سونے پر ۶۰۰۰ روپے

خالد اسحاق راٹھور — مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور۔

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
UnPaTech Document Processing Solutions